★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 11 ذیقعد 1446ھ، 9 مئی 2025ء 26 بیساکھ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 182

وزیر اعظم

ڈرون حملوں میں شہید ہونیوالوں کا بدلہ لیا جائے گا

ہمیں اپنی پاک فوج پر فخر ہے اور ہم ہر حالات کے لیے تیار ہیں۔ پاکستان نے بھارت کے ڈرون اور جہاز مار گرائے ہیں، پاکستان اپنے وقار اور عزت سے امن کیلئے پُرعزم ہے

ترکی کے صدر کا وزیر اعظم شہباز شریف سے ٹیلیفون پر رابطہ، ترکیہ کا بھارت کی جانب سے پاکستان و آزاد کشمیر پر میزائل حملوں کے بعد مکمل یکجہتی کا اظہار، بھارت کی جارحیت پر ترکی پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے، صدر اردوان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ دشمن کو خود ارادیت، علاقائی سالمیت پر حملے اور سلامتی کی خلاف ورزی کا جواب ملے گا، پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت سکیورٹی سے متعلق اجلاس ہوا، اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر 10)

پاکستان کا نیا جنگی ترانہ ''تیار ہیں ہم، اللہ اکبر'' ریلیز

ملی نغمے میں دل کو گرما دینے والی شاعری اور سحر انگیز آواز نے سماں باندھ دیا

اسلام آباد (پی یو این اے) موجودہ کشیدہ صورتحال کے تناظر میں پاکستانی قوم کی دلی آواز پر نیا ملی نغمہ ریلیز کر دیا گیا۔ ملی نغمے میں دل کو گرما دینے والی شاعری اور سحر انگیز آواز (بقیہ نمبر 11)

عالمی برادری کو جوہری طاقتوں کے درمیان تنازع حل کیلئے مداخلت کرنی ہوگی، بلاول

عالمی قوانین کے تحت پاکستان کو بھارتی جارحیت کا جواب دینے کا پورا حق حاصل ہے، ترک میڈیا کو انٹرویو

یہ 2 طرفہ نہیں عالمی مسئلہ ہے، عالمی برادری کو 2 جوہری طاقتوں کے درمیان تنازع کے حل کیلئے مداخلت کرنی ہوگی

اسلام آباد (پی یو این اے) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستان کی خودمختاری کے خلاف اشتعال انگیز اقدامات کیے ہیں لہذا عالمی قوانین کے تحت پاکستان کو بھارتی جارحیت کا جواب دینے کا پورا حق حاصل ہے۔ ترک میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ یہ 2 طرفہ نہیں عالمی مسئلہ ہے، عالمی برادری (بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد: ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کی نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے ہمراہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے

پاک فوج

پاکستان حملہ کریگا تو دنیا کو نظر بھی آئیگا اور گونج بھی سنائی دیگی

پاکستان حملہ کرے گا تو پوری دنیا کو نظر بھی آئے گا اور اس کی گونج بھی سنائی دے گی، امرتسر میں بھارتی فوج نے خود اپنی تنصیبات کو نشانہ بنایا، آدم پور سے پروجیکٹائل خود انہوں نے فائر کیے: لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

بہادر پاکستانیوں کو کوئی گھبرانے کی ضرورت نہیں، پاکستان کی مسلح افواج ہمہ وقت تیار ہیں، بھارتی ڈرونز نے لاہور میں فوجی تنصیب کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، بھارت اپنی خفت مٹانے کیلئے یہ حرکتیں کر رہا ہے: نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ بھارت کے 15 مقامات پر پاکستانی حملوں کی بھارتی خبر جھوٹ کا پلندہ ہے، پاکستان حملہ کرے گا تو پوری دنیا کو نظر بھی آئے گا اور اس کی گونج بھی سنائی دے گی۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے ساتھ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ امرتسر میں بھارتی فوج نے خود اپنی تنصیبات کو نشانہ بنایا، آدم پور سے پروجیکٹائل خود انہوں نے فائر کیے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ بھارت کا 15 مقامات (بقیہ نمبر 47)



اسلام آباد: وزیر اعظم میاں شہباز شریف خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اپنی مرضی و وقت پر جواب دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے، ضوان سعید شیخ

پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ہم امن پسند قوم ہیں، لیکن ہم وقار کے ساتھ امن چاہتے ہیں۔

پاکستان اور بھارت کی مجموعی 1.6 ارب آبادی مسئلہ کشمیر سے براہ راست متاثر ہو رہی ہے، پاکستانی سفیر

واشنگٹن (پی یو این اے) امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ بھارت کی بزدلانہ و بلا جواز جارحیت کے خلاف پاکستان اپنا دفاع کرنا جانتا ہے اور کسی بھی (بقیہ نمبر 18)

بھارتی جارحیت پر سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا شدید ردعمل

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے بھارتی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے خطے کے امن کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارتی وزیر اعظم کو ہٹلر سے کم نہ سمجھا (بقیہ نمبر 17)



لاہور پولیس کی قذافی اسٹیڈیم میں کسی ہنگامی صورتحال، دہشتگردی کا حملہ ناکام بنانے کی مشق

مشقوں کا مقصد دشمن کی کسی بھی مذموم چال کو بروقت اور موثر انداز میں ناکام بنانا ہے، ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے کسی بھی ہنگامی یا دہشتگردی کی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے شہر میں فرضی مشقوں کا آغاز کر دیا ہے۔ قذافی اسٹیڈیم میں منعقدہ (بقیہ نمبر 45)



گرائے گئے بھارتی ڈرونز کا کی تصویر جھلکیاں

کاؤنٹ ڈاؤن شروع، بھارت کو جواب دیں گے، پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل

اسلام آباد (پی یو این اے) پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے خبردار کیا ہے کہ بھارتی حملوں کا جواب دینے کیلئے کاؤنٹ ڈاؤن شروع ہو گیا ہے، امن پہلی ترجیح ہے لیکن بھارت (بقیہ نمبر 19)

پاکستان کا خوف، امرتسر ایئرپورٹ بند کر دیا گیا

نئی دہلی (پی یو این اے) پاکستان کی جانب سے ممکنہ ردعمل کے خوف سے امرتسر ایئرپورٹ کا فضائی آپریشن بند کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت کی جانب سے (بقیہ نمبر 20)

وزیر اعلیٰ کا اہم فیصلہ، پنجاب بھر میں سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 کی فرضی مشقیں شروع

راولپنڈی، مری، جہلم، چکوال، سرگودھا، نارووال، گوجرانوالہ، حافظ آباد سیالکوٹ میں سول ڈیفنس مشقیں شروع

ساہیوال، پاکپتن، ملتان، خانیوال، مظفر گڑھ، لیہ، وہاڑی، حافظ آباد اور دیگر شہروں میں موک ایکسرسائز جاری رہی

لاہور (پی یو این اے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اہم فیصلہ کرتے ہوئے پنجاب میں سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 کی فرضی مشقیں شروع کرا دیں۔ صوبہ بھر میں محکمہ سول ڈیفنس کو پوری طرح فعال کرتے ہوئے فرضی مشقوں کا آغاز کر دیا گیا۔ صوبہ بھر کے چھوٹے بڑے شہروں میں شہری دفاع کی مشقیں کی جا رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ضلعی (بقیہ نمبر 22)

بانی پی ٹی آئی کی 8 مقدمات میں درخواست ضمانتوں پر سماعت 15 مئی تک ملتوی

لاہور (پی یو این اے) لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں درخواست ضمانتوں پر سماعت، عدالت نے سماعت مزید دلائل کے لئے 15 (بقیہ نمبر 33)

پاکستان اور بھارت کیلئے موجودہ بحران سے نکلنے کا راستہ موجود ہے، امریکی اخبار

دونوں ملکوں کے درمیان ڈائیلاگ، تحمل کا مظاہرہ ممکن بنانے کیلئے امریکا کو بھی مزید اقدامات کرنے چاہئیں

دہلی، اسلام آباد کو سفارتی و فوجی بیک چینلز پھر سے قائم کرنے چاہئیں، دو ایٹمی قوتیں اگر بات نہ کریں تو خطرناک ہو سکتا ہے، اخبار

واشنگٹن (پی یو این اے) امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت کیلئے موجودہ بحران سے نکلنے کا راستہ موجود ہے، دونوں ملکوں کے درمیان ڈائیلاگ اور تحمل کا مظاہرہ ممکن بنانے کیلئے امریکا کو بھی مزید اقدامات کرنے چاہئیں۔ اپنے اداریہ میں واشنگٹن پوسٹ نے کہا کہ دونوں ملکوں کے پاس بڑی تعداد میں ایٹمی ہتھیار ہیں اور 1971 کی جنگ کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ بھارت نے پنجاب میں حملے کیے ہیں۔ پاکستان کے جوابی اقدام سے متعلق اخبار نے کہا کہ پاکستان نے بظاہر بھارت کے کئی لڑاکا طیارے آسی کی حدود میں مار (بقیہ نمبر 39)

بھارت کا اپنا ڈسکھوں کو گروہ میں بھارت کا مقصد سکھوں کو پاکستان کے خلاف کرنا ہے

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم نواز

قوم کی سیکیورٹی محفوظ ہاتھوں میں ہے، جواب آئے گا، بھرپور آئیگا، کب آئیگا فیصلہ پاک فوج پر چھوڑ دیا، عطاء تارڑ کا قومی اسمبلی میں پالیسی بیان

بھارت کو یہی ناز تھا کہ ہمارے پاس یہ جدید ٹیکنالوجی ہے، وہ اس ناز کے ساتھ پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے جس میں انہیں شرمندگی ہوئی ہے

اسلام آباد (پی یو این اے) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ قوم یقین رکھے بھارت کو منہ توڑ جواب ضرور دیا جائے گا، قوم کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ آپ کی سیکیورٹی محفوظ ہاتھوں میں ہے، جواب آئے گا، بھرپور آئیگا، کب آئیگا فیصلہ پاک فوج پر چھوڑ دیا۔ قومی اسمبلی میں پالیسی بیان دیتے ہوئے وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ میں حکومت کے ساتھ اپوزیشن کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ پوری قوم متحد ہے، کچھ حقائق ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، رات کی تاریکی میں بزدل دشمن نے حملہ کیا، رافیل طیارے دنیا کی بہترین اور سپیریئر ٹیکنالوجی کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو یہی ناز تھا کہ ہمارے پاس یہ جدید ٹیکنالوجی ہے، وہ اس ناز کے ساتھ پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے جس میں انہیں شرمندگی ہوئی ہے، اسی شرمندگی کو چھپانے کے لیے اب انہوں نے اپنی حکمت عملی تبدیل کی ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ دشمن مکار، بزدل ہے مگر وہ ٹیکنالوجی لے کر ہمارے خلاف آتا ہے، مگر جب اس نے میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو (بقیہ نمبر 23)

مریم نواز نے بچوں سمیت گناہ گار شہریوں کو شہید کر کے بھارت ننگی جارحیت کا ارتکاب کیا، خمیازہ بھگتنا ہوگا

دنیا بھر میں بھارتی پائلٹ کی نااہلی اور ناکامی کا استعارہ بن چکے ہیں، بھارت کا غرور رافیل طیارے زمین پر ملبے کا ڈھیر بن چکے ہیں: وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ کی لاہور سمیت دیگر مقامات پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت، لاہور، گوجرانوالہ، چکوال، راولپنڈی، اٹک، بہاولپور اور دیگر شہروں میں پولیس، انتظامیہ اور دیگر اداروں کو ہمہ وقت الرٹ رہنے کی ہدایت

لاہور (پی یو این اے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور سمیت دیگر مقامات پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 12 مقامات پر بھارتی ڈرون بروقت گرانے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے انتظامیہ، پولیس، ریسکیو سروسز اور پاک فضائیہ کے بروقت ریسپانس کو سراہا اور لاہور، گوجرانوالہ، چکوال، راولپنڈی، اٹک، بہاولپور او ردیگر شہروں میں پولیس، انتظامیہ اور دیگر اداروں کو ہمہ وقت الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈرون حملوں میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے مختلف شہروں میں ڈرون حملوں کے دوران زخمی شہری او رافسران کے بہترین علاج کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے متعلقہ علاقوں میں انتظامی افسران کو زخمیوں کے علاج کی مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کمسن بچوں سمیت بے گناہ شہریوں کو شہید کر کے بھارت نے ننگی (بقیہ نمبر 24)

مودی نے پہلگام میں فالس فلیگ آپریشن کے بعد رات کی تاریکی میں حملہ کیا

ہماری مسلح افواج نے بھرپور انداز میں جواب دیا، راجہ پرویز اشرف

اسلام آباد (پی یو این اے) سابق وزیر اعظم و پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ مودی نے پہلگام میں فالس فلیگ آپریشن کے بعد رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کیا، ہماری مسلح افواج نے بھرپور انداز میں جواب دیا، بھارت کو جن رافیل طیاروں پہ غرور تھا انہیں زمین بوس کر دیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں پہلگام واقعہ کے بعد اور بھارت (بقیہ نمبر 25)

لاہور میں بارش سے بجلی کا ترسیلی نظام بری طرح متاثر

70 سے زائد فیڈر ٹرپ

لاہور (پی یو این اے) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت مضافات میں ہونے والی موسلا دھار بارش کی وجہ سے بجلی کا ترسیلی نظام متاثر ہو گیا، لیسکو کے 70 سے زائد فیڈرز پر ٹرپنگ سے مختلف علاقوں میں گھنٹوں بجلی کی فراہمی معطل رہی۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ڈسٹری بیوشن سسٹم میں تیکنیکی و فنی خرابیوں اور فیڈر (بقیہ نمبر 26)

واہگہ بارڈر کے قریب سکیورٹی الرٹ کی ایڈوائزری جعلی ہے، ڈپٹی کمشنر

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا نے کہا ہے کہ واہگہ بارڈر کے قریب سکیورٹی الرٹ کی ایڈوائزری جعلی ہے، شہری پریشان نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ واہگہ بارڈر یا ملحقہ علاقوں میں کوئی واقعہ نہیں ہوا، جعلی ایڈوائزری میں ڈی ایچ اے فیز 8، عسکری 11، پیراگون سٹی، گرین سٹی کا ذکر کیا گیا ہے، یہ ایڈوائزری (بقیہ نمبر 35)

9 مئی مقدمات، عمران خان کا پولی اور فوٹو گرافک ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ

دو سال بعد ایسی درخواست دائر کرنا بدنیتی پر مبنی ہے، وکیل عمران خان

لاہور (پی یو این اے) پولیس نے 9 مئی مقدمات کے کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا پولی گرافک اور فوٹو گرافک ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے بیرسٹر سلمان صفدر کو بانی پی ٹی آئی سے ہدایات لیکر پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ بانی پی ٹی آئی کے فوٹو گرافی اور پولی گرافک ٹیسٹ کرانے کے لیے پولیس نے پراسیکیوشن کے ذریعے عدالت (بقیہ نمبر 36)



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے باکسنگ چیمپئن عالیہ سومرو ملاقات کر رہی ہیں

واہگہ بارڈر، گورنر سندھ نے مکا لہرا کر بھارت کو للکارا

پائلٹس کو سلام پیش کرتا ہوں، جنھوں نے بھارت کے پانچ طیارے مار گرائے

سفارتی محاذ پر پاکستان کی جیت ہوئی ہے۔ کامران خان ٹیسوری

کراچی (پی یو این اے) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے اپنی اہلیہ، 2 سالہ بیٹے سمیت دونوں بیٹوں اور بیٹی کے ساتھ واہگہ بارڈر پر پریڈ دیکھی۔ انہوں نے جوانوں کا خون خوب گرمایا، انہیں داد بھی دی اور مکا لہرا کر بھارت کو للکارا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ بھارت نے حملے میں شہریوں کو نشانہ بنایا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 29)

بھارت کو منہ توڑ جواب کے بعد خواجہ آصف نے دلچسپ میمز شیئر کر دیں

شیئر کی گئی میم میں مودی کو اپنے طیاروں کا ملبہ سائیکل پر اٹھائے لے جاتے ہوئے دیکھا گیا

فرانس کو اپنے رافیل جنگی طیارے کو بھارتی نکمی فوج کے ہاتھوں فیل ہونے پر بھارتی فوج کے ہیڈ کوارٹر کے باہر جوتا لیے کھڑا دکھایا گیا

اسلام آباد (پی یو این اے) وزیر دفاع خواجہ آصف سوشل میڈیا کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے میم گیم میں اپنی نوجوان نسل کے شانہ بشانہ کھڑے ہو گئے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے شروع ہوتے ہی پاکستانیوں نے بھارتیوں کو میمز کے ذریعے ان کی اوقات یاد دلانا شروع کر دی تھی۔ جہاں پاکستانی 'کی بورڈ وارئیرز' کی یہ میم گیم جیتتے نظر آئے وہیں پاک فوج نے (بقیہ)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کا مستحق سائلین کو مفت قانونی امداد فراہم کرنے کا فیصلہ

فری ایڈ ایجنسی کے قیام کی منظوری، وکیل کی استطاعت نہ رکھنے والے ملزمان کو حکومت سہولت فراہم کریگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے مستحق سائلین کو مفت قانونی امداد فراہم کرنے کیلئے بڑا قدم اٹھا لیا۔ پنجاب حکومت نے پراسیکیوشن کو فری ایڈ ایجنسی کے قیام کی منظوری دیدی، وکیل کی استطاعت نہ رکھنے والے ملزمان کو حکومت سہولت فراہم کرے گی۔ ملزمان ایک درخواست پر کوائف لکھ کر پراسیکیوشن سے فری قانونی معاونت لے سکیں گے۔ 50 ہزار سے کم آمدن (بقیہ نمبر 28)

گورنر خیبر پختونخوا سے وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی ملاقات

صوبے میں تیل و گیس کی پیداوار، گھریلو و صنعتی صارفین کو گیس کی فراہمی و دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال

گورنر خیبر پختونخوا نے وفاقی وزیر پٹرولیم سے ڈی آئی خان شہر میں گیس کے کم دباؤ کا مسئلہ بھی اجاگر کیا

اسلام آباد (پی یو این اے) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے ملاقات کی جس میں صوبے میں تیل و گیس کی پیداوار، گھریلو و صنعتی صارفین کو گیس کی فراہمی، اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر رکن خیبر پختونخوا اسمبلی احمد کریم کنڈی، وائس چیئرمین انجمن ہلال احمر خیبر پختونخوا فرزند وزیر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران گورنر خیبر پختونخوا نے وفاقی وزیر کو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کوٹ پالک میں حالیہ تیل و گیس کی دریافت سے متعلق کہا کہ کوٹ پالک کے گیس ذخائر سے مذکورہ علاقے کی (بقیہ نمبر 29)

پاکستان فنڈنگ جائزہ، آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس (آج) ہوگا

بھارت، پاکستان کے درمیان پُرامن حل اور کشیدگی میں کمی کی امید ہے، ترجمان آئی ایم ایف

آئی ایم ایف توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے ذریعے پاکستان کے معاشی پروگرام کی حمایت کرتا ہے

اسلام آباد (پی یو این اے) پاکستان کے فنڈنگ جائزے پر آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس (آج) جمعہ کو ہوگا۔ ذرائع کے مطابق ترجمان آئی ایم ایف نے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس (آج) جمعہ کو ہونے کی تصدیق کر دی ہے۔ ترجمان آئی ایم ایف نے پاکستان بھارت کشیدگی پر بھی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان آئی ایم ایف ترجمان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 42)

93 فیصد پاکستان وطن کے دفاع کیلئے خون کے آخری قطرے تک لڑنے کا عزم

بھارت سے کشیدگی کے باوجود 72 فیصد پاکستانیوں نے امن کی بات کی، جنگ کو نقصان دہ قرار دیتے ہوئے بچنے کا مشورہ دیا

27 فیصد پاکستانی جنگ کی حمایت کرتے دکھائی دیے اور بھارتی حملے کا منہ توڑ جواب دینے کا کہا: گیلپ سروے

اسلام آباد (پی یو این اے) بھارتی جارحیت کیخلاف پاکستانی عوام متحد ہیں، 93 فیصد پاکستانیوں نے وطن عزیز کے دفاع کے لیے خون کے آخری قطرے تک لڑنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ گیلپ پاکستان نے نیا سروے جاری کیا ہے جس کے مطابق 93 فیصد (بقیہ نمبر 40)

لاہور میں امریکی قونصلیٹ کی عملے کو محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت

امریکی شہری محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں، قونصل خانے کی جانے سے ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور میں امریکی قونصلیٹ جنرل نے لاہور اور اس کے مضافات کی فضائی حدود میں ڈرونز دھماکوں اور انڈیا کی جانب سے ممکنہ فضائی حدود میں دراندازی کے پیش نظر اپنے عملے کو محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت کی ہے۔ قونصل خانے کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ قونصلیٹ کو یہ ابتدائی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں کہ حکام (بقیہ نمبر 46)

لاہور کے مختلف علاقوں میں بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا

لاہور (این این آئی) لاہور کے مختلف علاقوں میں کہیں تیز اور کہیں ہلکی بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا۔ صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں جیل روڈ، مال روڈ، قرطبہ (بقیہ نمبر 30)

حکومت کے فیصلوں کے بارے میں درست معلومات مہیا کرنے کیلئے ڈی جی پی آر میں کنٹرول روم قائم

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر حکومت پنجاب کے فیصلوں کے بارے میں درست معلومات (بقیہ نمبر 31)

لاہور: سول سوسائٹی کے ارکان بھارتی جارحیت کے خلاف پریس کلب کے باہر مظاہرہ کر رہے ہیں

معاشی استحکام اور پائیداری کیلئے اصلاحاتی اقدامات کو جاری رکھنے میں پرعزم ہیں

وزیر خزانہ

وزیر خزانہ سے اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کے کے گلوبل چیف ایگزیکٹو آفیسر مسٹر بل ونٹرز کی ملاقات

پاکستان کی معیشت میں بینک کے اہم اور دیرینہ کردار کو سراہا، باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا

بل ونٹرز نے پاکستان کی معاشی اصلاحات اور استحکام کے سفر کی تعریف کی اور پاکستان کو ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (پی یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کیلئے اصلاحاتی اقدامات کو جاری رکھنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے اصلاحاتی ایجنڈے پر اسٹینڈرڈ چارٹرڈ جیسے بین الاقوامی شراکت داروں کے اعتماد کو حوصلہ افزا قرار دیا ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعرات کو لندن میں اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کے کے گلوبل چیف ایگزیکٹو آفیسر مسٹر بل ونٹرز سے ملاقات میں کہی۔ ملاقات میں پاکستان کی معیشت میں بینک کے اہم اور دیرینہ کردار کو سراہا گیا اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

پنجاب پولیس میں فاسٹ ٹریک پروموشن کا عمل جاری

ترقی پانے والے 41 افسران کو رینک لگانے کی تقریب سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں فاسٹ ٹریک پر پروموشن کا عمل جاری ہے۔ جس کے تسلسل میں انسپکٹر عہدے پر ترقی پانے والے 41 افسران کو رینک لگانے کی تقریب سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پروموٹ ہونے والے افسران کو انسپکٹر عہدے پر رینک لگائے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ملتان کے 21، بہاولپور 09، فیصل آباد 07 اور ڈی جی خان کے 04 افسران کو انسپکٹر عہدے پر رینک لگائے گئے۔ پروموٹ ہونے والے افسران کے والدین، بچوں، اہلخانہ نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ترقی پانے والے انسپکٹرز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس خواتین کو بااختیار بنانے پر یقین رکھتی ہے۔ حالیہ پروموشن بورڈ کے اجلاس میں 46 خواتین پولیس افسران کو انسپکٹرز کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔ ڈی آئی جی ایچ آر سیمیں منیر کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں ترقی پانے والے افسران کو رینک لگائے گئے۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی ایچ آر، ایڈیشنل آئی جی کمیونٹی سیفٹی یونٹ، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک، ایڈیشنل آئی جی ایچ کیو، ایڈیشنل آئی جی کمانڈنٹ ہوم گارڈز، ایڈیشنل آئی جی ایس ایس یونٹ، ایڈیشنل آئی جی ایس پی یونٹ، ایڈیشنل آئی جی ایف آئی یونٹ، ایڈیشنل آئی جی ایس ایس

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)9 مئی 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ اور ڈپٹی کمشنر کی زیر قیادت پاک فوج کے حق میں ریلی

شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت۔گوجرانوالہ رات کی تاریکی میں بھارتی بزدلانہ حملہ، عوام کا افواج سے بھرپور یکجہتی کا اظہار



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی زیر قیادت کار ریلی کا انعقاد، شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت۔گوجرانوالہ رات کی تاریکی میں بھارتی بزدلانہ حملہ، عوام کا افواج سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ ریلی میں تمام تمام مکاتب فکر کے علماء اکرام، سول سوسائٹی، مقامی اداروں کے افسران، ملازمین اور عام شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔شرکاء کی افواج پاکستان کے حق میں بھرپور نعرے بازی کی اور شرکاء نے پاکستان ہمیشہ زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا افواج پاکستان سرحدوں اور ہماری محافظ ہیں، ہم اپنے محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کسی بھی مہم جوئی اور بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، ہم اپنے عزم کی تجدید کرتے ہیں کہ ملک کے دفاع میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ ہماری امن دوستی کو کمزوری نہ سمجھا جائے، دفاع وطن کی خاطر پوری قوم دشمن کے خلاف یک جان اور متحد ہے۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ملک پاکستان ہم سب کا ملک ہے اور اس ملک کی سلامتی کے لیے ہم سب کو مل کر دشمنوں کا سامنا کرنا ہے، جس کے لیے ہم ہمہ وقت تیار ہیں۔ ریلی کے اختتام پر ملکی سلامتی اور استحکام کیلئے بھی خصوصی دعاء بھی کی گئی۔



ممکنہ خطرے سے نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مکار دشمن بھارت کی جارحیت کے بعد جہلم میں شہریوں کے تحفظ اور کسی بھی ممکنہ خطرے سے نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک ہوگئی ڈپٹی کمشنر نے بدھ اور جمعرات کے روز ریسکیو 1122 ضلعی ہیڈ کوارٹر سول ڈیفنس اور سرکاری سکولوں کے ہنگامی دورے کیے جہاں انہوں نے ممکنہ جنگی حالات میں فوری ردعمل کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر سید محمد نعیم عباس نے ریسکیو 1122 کے شعبی کنٹرول روم، فائر اسٹیشن، ایمرجنسی میڈیکل سروسز کے یونٹس کا معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر رانا سعید احمد نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 کا تمام عملہ ہائی الرٹ پر ہے۔

مسلح افواج پاکستان کے پیچھے حکومت وقوم کھڑی ہے۔رانا کاشف محمود

بھارت کی جارحیت کا افواج پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا ہے سماجی شخصیت



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ویرم اگوکی ماڈل ٹاؤن کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت رانا کاشف محمود نے ایک میڈیا بیان میں کہا کہ ملک کی موجودہ ہنگامی صورتحال کے پیش نظر تمام پاکستانی اپنی اپنی استطاعت کے مطابق امن، محبت اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اس وقت ملک کو جن چیلنجز کا سامنا ہے، ان سے نمٹنے کے لیے یہ اشد ضروری ہے کہ تمام پاکستانی متحد ہو جائیں اور باہمی احترام اور یگانگت کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پیار، محبت اور بھائی چارے کی فضا قائم کر کے ہم نہ صرف موجودہ مشکلات پر قابو پا سکتے ہیں بلکہ ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کی بنیاد بھی رکھ سکتے ہیں۔حکومت وافواج پاکستان کے پیچھے پوری قوم کھڑی ہے۔

بھارت نے مساجد اور نہتے شہریوں پر حملے کر کے حیوانیت کی بدترین مثال قائم کی: قاری شیر خان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر معروف عالم دین قاری خالق داد جنرل سیکرٹری تحصیل جہلم قاری شیر خان نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رات کی تاریکی میں پاکستان میں بھارت کے بزدلانہ حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے مساجد اور نہتے شہریوں پر حملے کر کے حیوانیت کی بدترین مثال قائم کی ہے۔بھارت کے غیر دانشمندانہ اقدام کے خلاف پوری قوم متحد ہے اور 1965 کے جذبے کے تحت پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 کی تیاریوں کا جائزہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 کی تیاریوں کا جائزہ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے مشینری و آلات بھی دیکھے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ موجودہ ہنگامی حالات میں شہریوں کی جان کے تحفظ کے لئے ضلعی انتظامیہ کیساتھ تمام ادارے متحرک ہیں۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں موک ایکسرسائز کے انعقاد کا مقصد طالب علموں کو کسی بھی ہنگامی حالات میں اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے ساتھ ابتدائی طبی امداد کے طریقوں سے آگاہی دینا ہے اور آئندہ ایام میں مزید تعلیمی اداروں کے طالب علموں کو بھی صورتحال سے نمٹنے کے لئے تربیت فراہم کریں گے۔

ضلعی انتظامیہ چنیوٹ اور معاون ادارے موجودہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے کمربستہ ہیں

سول ڈیفنس، ریسکیو 1122، پنجاب پولیس، ایلیٹ فورس نے گورنمنٹ اسلامیہ کالج کے گراؤنڈ میں طالب علموں کے ہمراہ فرضی مشقیں (موک ایکسرسائز) کیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ چنیوٹ اور معاون ادارے موجودہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے کمربستہ ہیں۔سول ڈیفنس، ریسکیو 1122، پنجاب پولیس، ایلیٹ فورس اور گورنمنٹ اسلامیہ کالج کے گراؤنڈ میں طالب علموں کے ہمراہ فرضی مشقیں (موک ایکسرسائز) کیں۔ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے موک ایکسرسائز کو لیڈ کیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز رانا محمد عمر طلحہ سعید، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان، سول ڈیفنس آفیسر و دیگر افسران موجود تھے۔موک ایکسرسائز کے آغاز پر سائرن بجا کر ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا گیا جس کے فوری بعد سول ڈیفنس اور ریسکیو 1122 نیہنگامی حالات سے نمٹنے اور خطرات سے بچاؤ کی مشقوں میں حصہ لیا اور طالب علموں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تربیت دیتے ہوئے موقع پر زخمیوں کی ابتدائی طبی امداد اور محفوظ مقام اور ڈیڈ باڈیز کو ہسپتال منتقل کرنے کا انتظام کیا۔طالب علموں نے بھی ابتدائی طبی امداد میں آگے بڑھ کر حصہ لیا۔

حکومتی و اپوزیشن ارکان کی پاک فوج کے حق میں ریلی

ریلی کی قیادت وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کوارڈینیٹر، سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ، پاکستان تحریک انصاف کے ایم پی اے چودھری ضمیر الحسن بھٹی، استحکام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر مامون جعفر تارڑ نے کی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان اسمبلی اور عہدیداروں نے پاک فوج کے حق میں مشترکہ ریلی نکال کر ملی وقومی یکجہتی کی مثال قائم کر دی۔حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے افواج پاکستان کی حمایت میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے فوارہ چوک تک ریلی نکالی۔ ریلی کی قیادت وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، ڈی جی اوعائشہ نذیر چودھری، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، ڈی پی او عاطف نذیر چودھری، سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ، سابق ایم پی اے چودھری ضمیر الحسن بھٹی، استحکام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر مامون جعفر تارڑ، سابق ایم پی اے چودھری سمیرا حسن بھٹی، استحکام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر مامون جعفر تارڑ نے کی۔ ریلی میں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، ڈی پی او عاطف نذیر چودھری، تحصیل چیئرمین ٹھوہا خالصہ حسین تارڑ، محمد حسن تارڑ، زمان تارڑ، بھون سمیت مختلف سیاسی، دینی، مذہبی اور سماجی تنظیموں کے مقامی رہنماؤں نے شرکت کی۔سابق وفاقی وزیر وزیر اعلیٰ کی کوارڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کر کے جو بزدلانہ کاروائی کی ہے پاک فضائیہ اور افواج پاکستان نے فوراً اس کا منہ توڑ جواب دیا، اور ثابت کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج دنیا کی بہترین فوج ہے۔ آج پوری قوم اپنے وطن اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔افواج پاکستان نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے بھارت کی بربگیڈیئر چیک پوسٹوں اور جنگی تیاروں کو تباہ کر دیا۔دشمن بھارت کو اس بات کا پتا نہیں ہے کہ اس نے کس قوم سے مقابلہ کیا ہے۔ ہم میں جذبہ ایمانی موجود ہے اور ہمیں پتا ہے کہ اگر ہم جنگ کے دوران مارے گئے تو شہادت کا رتبہ ملے گا اور اگر بچ گئے تو غازی بن جائینگے۔انکا کہنا تھا کہ پورے ملک کی طرح حافظ آباد کے شہریوں نے بھی یہ ثابت کیا ہے کہ وہ تمام تر اختلافات بھلا کر اپنے ملک کی حفاظت اور پاک فوج کے ساتھ ہیں۔ پی ٹی آئی کے ایم پی اے چودھری ضمیر الحسن بھٹی کا کہنا تھا کہ بحیثیت قوم سب سے پہلے ہم پاکستانی ہیں۔اپنے ملک وقوم اور سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہم سب اپنی صف آفواج کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بھارت نے مساجد اور نہتے شہریوں پر حملے کر کے جو بزدلانہ کاروائی کی اس کا جواب پتھر سے دے گی۔اس وقت ہم پوری قوم اپنے وطن عزیز پاکستان اور اپنی افواج کے ساتھ ہیں۔انتظام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر مامون جعفر تارڑ نے کہا کہ بزدل دشمن نے رات کے اندھیرے میں جو حملہ کیا، پاکستان افواج نے اس کا جواب فوری طور پر دیا اور انشاء اللہ ہندوستان کو جلد پتا چل جائیگا کہ اس نے کس قوم کو للکارا ہے۔آج کا یہ وقت قومی ویملی یکجہتی اور اپنی پاک فوج کے ہاتھوں کو مضبوط کرنے کا ہے۔

دشمن بھارت کے 5 جنگی طیارے مار گرانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں: چودھری حبیب الحق

پاک فضائیہ کا یہ کارنامہ نہ صرف دشمن کے عزائم کو خاک میں ملانے کا مظہر ہے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) صدر انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی اوکاڑہ چودھری حبیب الحق نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کی جانب سے دشمن بھارت کے 5 جنگی طیارے مار گرانے پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے کہ پوری قوم اور تاجر برادری افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ کا یہ کارنامہ نہ صرف دشمن کے عزائم کو خاک میں ملانے کا مظہر ہے بلکہ اس سے پوری دنیا کو یہ پیغام گیا ہے کہ پاکستان اپنے دفاع سے غافل نہیں اور ہر جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ دشمن کی جانب سے بار بار سرحدی خلاف ورزیاں اور جنگی ماحول پیدا کرنے کی کوششیں انتہائی قابل مذمت ہیں مگر افواج پاکستان نے اپنے حوصلے پیشہ ورانہ مہارت اور جذبہ ایمانی سے دشمن کو ہر محاذ پر ناکام بنایا ہے۔ پاکستان عوام بالخصوص تاجر طبقہ اپنی مسلح افواج کے ہر اقدام کی بھرپور تائید کرتا ہے اور ملکی سلامتی وخود مختاری کے تحفظ کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

تھیلیسیمیا ڈے کے حوالے سے پیس ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا

آگاہی واک ڈی ایم اے چوک سے مین ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال تک کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) 8 مئی عالمی تھیلیسیمیا ڈے کے حوالے سے پیس ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا آگاہی واک ڈی ایم اے چوک سے مین ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال تک کی گئی واک میں شہریوں سمیت خواتین نے بھی شرکت کی واک میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال چنیوٹ ڈاکٹر محمد احمد، ڈاکٹر سرجن محمد علی ہرل، ڈاکٹر بلال ✻ ڈاکٹر وقاص بشارت، چیئرمین پیس ویلفیئر ارگنائزیشن محمد سلمان بیگ جنرل سیکرٹری محمد نعمان بیگ پریزیڈنٹ پیس ویلفیئر آرگنائزیشن انجد بشیر عبدالحسیب بیگ ڈائریکٹر آف آپریشن ڈاکٹر نعمان ایوب ڈائریکٹر آف ڈاکٹرز پینل ڈاکٹر طیبہ ذوالفقار آرگنائزر ریاض خان فائنانس سیکرٹری احمر حسان بیگ، ایجوکیشنل ممبرز مس امبر فاطمہ، مس روبیسہ، مس آمنہ ساجد، مس غدیجہ، مس یاسمین، علی اصغر درانی، زاہد علی زیدی، رحمان خان، آصف خان، ملکہ شبیر، ملک آصف علی، مخدوم علی حسن زیدی، ڈاکٹر عاصم کھوکھر، ملک سرفراز، ملک یاسر، نواز خان حافظ ملک اظہر، شعیب اصغر چیئرمین شعور ویلفیئر ارگنائزیشن ڈاکٹر محمد احمد اور سٹوڈنٹ آف پروفیشن ہیلتھ سائنسز چنیوٹ سمیت دیگر نے شرکت کی واک کے شرکاء نے پاک فوج زندہ باد کے نعرے بھی لگائے۔ ریلی کے شرکاء نے پینا فلیکس اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔

بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب ملا: بیکر ٹری جنرل

رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کی کوشش کی مگر پاکستانی افواج کی طرف سے انڈیا کو منہ توڑ جواب ملا: بیکر ٹری جنرل



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن پریس کلب (ر) کے زیر اہتمام صدر فوٹو جرنلیٹ محمد طاہر مختفی کی زیر قیادت پاک افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی، ریلی کا مقصد گزشتہ رات بھارت کی بزدلانہ جارحیت کی مذمت اور افواج پاکستان کی بروقت اور جرات مندانہ جوابی کاروائی کو خراج تحسین پیش کرنا تھا، ریلی سے خطاب کرتے ہوئے۔ جنرل سیکرٹری بشیر احمد تایا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت میں ایک بار پھر اپنی بزدل حرکتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کی کوشش کی مگر پاکستانی افواج کی طرف سے انڈیا کو منہ توڑ جواب ملا ہماری فوج کے شاہینوں نے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے سینیئر فوٹو جرنلسٹ نعیم چوہدری نے کہا ہم اپنی فوج پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن اور نائب صدر لیاقت علی نے کہا اگر دشمن نے دوبارہ میلی آنکھ سے دیکھا تو آنکھیں نکال دیں گے جوائنٹ سیکرٹری ملک سعید اقبال نے اظہار کرتے ہوئے کہا پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور ہم ہر محاذ پر اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ نائب صدر نصور عباس نے کہا ہم اپنی پاک فوج کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے پاک فوج کے لیے ہماری جان بھی قربان ہے اور اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑے ہیں اور نائب صدر ریلی میں فوٹو جرنلسٹ اور صحافی برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکاء نے پاک فضائیہ زندہ افواج پاکستان پائندہ باد بھارت مردہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے ریلی میں شکیل پرویز، قیصر اقبال، نادر رمان۔ رومان رومی۔ رانا نعیم۔ جاوید اختر کرم الٰہی۔ مرزا ہارون۔ ودیگر نے شرکت کی ریلی کے اختتام پر مکمل سلامتی، شہداء کے درجات کی بلندی اور افواج پاکستان کی کامیابی کیلئے دعا کی گئی

رانا عبدالجبار کی قیادت میں پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد ریلی کا انعقاد کیا گیا

بھارت کے تمام اوچھے ہتھکنڈوں کو ہم مسترد کرتے ہیں اور انشاء اللہ پاکستان کا نوجوان پاک فوج اور پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے، شرکاء



گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) رانا عبدالجبار، صدر این ایل ایف ضلع گجرانوالہ کی قیادت میں پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں گجرانوالہ کے مزدوروں نے بھرپور شرکت کی۔ پیغام میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ہم پاکستان فوج اور پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بھارت کے تمام اوچھے ہتھکنڈوں کو ہم مسترد کرتے ہیں اور انشاء اللہ پاکستان کا نوجوان پاک فوج اور پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ اس موقع پر صدر الخدمت محترم خالد شیخ صاحب ضلع گجرانوالہ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی نے پاکستان میں ہر دور میں قربانیاں دی ہیں اور جب تک زندہ ہیں، پاکستان کے لیے قربانیاں دیتے رہیں گے۔ صدر این ایل ایف گجرانوالہ رانا عبدالجبار نے تمام مزدوروں کی جانب سے پاک فوج کے کام کو سراہا اور جس طرح انہوں نے ملک کا دفاع کیا، پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔ اللہ رب العالمین سے دعا ہے کہ ہمارا اتفاق اور اتحاد اپنے ملک کی بقا کے لیے برقرار رہے۔

بھارتی کی جانب سے بزدلانہ حملوں کے بعد جماعت اہل سنت کی پریس کانفرنس

پوری قوم بیدار ہے اور اپنے ملک کے دفاع کے لیے ہمہ وقت تیار ہے پاک فوج کو بروقت جواب دینے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں



عارفوالا (نامہ نگار) جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام صوبائی امیر پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری، علامہ مظہر سعید کاظمی، پیر خالد سلطان قادری، الحاج احسان الحق فریدی، ڈاکٹر حمزہ مصطفائی، علامہ فاروق خان سعیدی، پیر زادہ معاذ المصطفیٰ قادری، پیر غلام قطب الدین صابری اور علامہ عبدالرحیم سعیدی نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ کرنے کیخلاف، استحکام پاکستان وافواج پاکستان سے اظہار یکجہتی اور قومی اتحاد کیلئے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے اپنی موت کو دعوت دی ہے بھارت کی جانب سے رات کی تاریکی میں مساجد پر حملہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، شہید ہونے والے نہتے شہریوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا رات کی تاریکی میں انڈین آرمی نے پاکستان کے کئی مقامات پر حملہ کر کے چند مساجد اور چند سویلین کو شہید کرنا بہادری نہیں ہے پوری قوم بیدار ہے اور اپنے ملک کے دفاع کے لیے ہمہ وقت تیار ہے پاک فوج کو بروقت جواب دینے پر بھارت کی جانب سے وارہ چوک تک ریلی نکالی۔ ریلی کی قیادت وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کوارڈینیٹر، سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ، پاکستان تحریک انصاف کے ایم پی اے چودھری ضمیر الحسن بھٹی، استحکام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر مامون جعفر تارڑ، ڈی پی او عاطف نذیر چودھری، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، ڈی پی او عاطف نذیر چودھری، تحصیل چیئرمین ٹھوہا خالصہ حسین تارڑ، محمد حسن تارڑ، زمان تارڑ، بھون سمیت مختلف سیاسی، دینی، مذہبی اور سماجی تنظیموں کے مقامی رہنماؤں نے شرکت کی۔ سابق وفاقی وزیر وزیر اعلیٰ کی کوارڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کر کے جو بزدلانہ کاروائی کی ہے پاک فضائیہ اور افواج پاکستان نے فوراً اس کا منہ توڑ جواب دیا، اور ثابت کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج دنیا کی بہترین فوج ہے۔ آج پوری قوم اپنے وطن اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔افواج پاکستان نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے بھارت کی بربگیڈیئر چیک پوسٹوں اور جنگی تیاروں کو تباہ کر دیا۔دشمن بھارت کو اس بات کا پتا نہیں ہے کہ اس نے کس قوم سے مقابلہ کیا ہے۔ ہم میں جذبہ ایمانی موجود ہے اور ہمیں پتا ہے کہ اگر ہم جنگ کے دوران مارے گئے تو شہادت کا رتبہ ملے گا اور اگر بچ گئے تو غازی بن جائینگے۔انکا کہنا تھا کہ پورے ملک کی طرح حافظ آباد کے شہریوں نے بھی یہ ثابت کیا ہے کہ وہ تمام تر اختلافات بھلا کر اپنے ملک کی حفاظت اور پاک فوج کے ساتھ ہیں۔ پی ٹی آئی کے ایم پی اے چودھری ضمیر الحسن بھٹی کا کہنا تھا کہ بحیثیت قوم سب سے پہلے ہم پاکستانی ہیں۔اپنے ملک وقوم اور سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہم سب اپنی صف آفواج کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بھارت نے مساجد اور نہتے شہریوں پر حملے کر کے جو بزدلانہ کاروائی کی اس کا جواب پتھر سے دے گی۔اس وقت ہم پوری قوم اپنے وطن عزیز پاکستان اور اپنی افواج کے ساتھ ہیں۔انتظام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر مامون جعفر تارڑ نے کہا کہ بزدل دشمن نے رات کے اندھیرے میں جو حملہ کیا، پاکستان افواج نے اس کا جواب فوری طور پر دیا اور انشاء اللہ ہندوستان کو جلد پتا چل جائیگا کہ اس نے کس قوم کو للکارا ہے۔آج کا یہ وقت قومی ویملی یکجہتی اور اپنی پاک فوج کے ہاتھوں کو مضبوط کرنے کا ہے۔

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور کی ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے ملاقات

ہنگامی صورتحال و جاری تربیتی مشقوں جیسے اہم امور زیر غور آئے، اس موقع پر چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے ڈپٹی کمشنر صاحبہ کو تنظیم شہری دفاع کے مکمل تنظیمی ڈھانچے پر بریفنگ دی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر قیادت سول ڈیفنس سیالکوٹ کی اہم میٹنگ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سیالکوٹ صباء اصغر علی کے ساتھ منعقد ہوئی۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے ڈی سی سیالکوٹ کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ڈپٹی چیف وارڈن ملک وحید احمد ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر، گروپ وارڈن سی شیخ نوید احمد وڈپٹی گروپ وارڈن ڈی خواجہ عامر جاوید میڈیا کوآرڈینیٹر سول ڈیفنس سیالکوٹ نے شرکت کی۔اس موقع پر چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے ڈپٹی کمشنر صاحبہ کو تنظیم شہری دفاع کے مکمل تنظیمی ڈھانچے پر بریفنگ دی جس میں ڈویژن وارڈن محمد اسلام میر و ڈپٹی چیف وارڈن ملک وحید احمد نے انکی معاونت کی۔ڈی سی سیالکوٹ نے موجودہ صورتحال کے دوران جنگی حالات کے پیش نظر فوری طور پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات پر ریسکیو 1122 کے شعبہ ٹریننگ کو آرڈیننس سول ڈیفنس سیالکوٹ کے تعاون سے رضا کاران کے ہمراہ سکول کے بچوں کو جاری تربیتی مشقوں میں شامل کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی صورتحال میں سائرن و فوری ہنگامی صورتحال کی مشقیں کرائی جائیں اور ہنگامی صورتحال کے بعد نارمل حالات کے سائرن بارے آگاہی دی جائے تا کہ شہریوں اور بچوں کو ہنگامی صورتحال کے آغاز اور اختتامی سائرن بارے آگاہی دی جاسکے۔

جراتمندانہ قیادت اور وژن نے نہ صرف فوج بلکہ پورے ملک کو مضبوط کیا: رانا شاہد اکرم

راجپوت برادری نے ہر دور میں قربانیاں پیش کیں اور آج بھی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) آریا فیصل آباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری رانا شاہد اکرم خال نے پاک فوج کے سپہ سالار حافظ عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی جراتمندانہ قیادت اور وژن نے نہ صرف فوج بلکہ پورے ملک کو مضبوط کیا ہے۔ہم ان کی قائدانہ صلاحیتوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو ملکی دفاع اور استحکام کی علامت ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ راجپوت برادری ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، سرحدوں کی حفاظت اور ملکی مفاد کے لیے ہر اول دستے کا کردار ادا کرتی رہی ہے۔اس برادری نے ہر دور میں قربانیاں پیش کیں اور آج بھی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔وطن عزیز کی حفاظت کے لیے راجپوت برادری ہر وقت اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کو تیار ہے۔یہ برادری اپنے شہداکی یاد میں مختلف ایونٹس اور تقریبات بھی منعقد کرتی ہے، جہاں وہ اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے اپنے قومی جذبے کو اجاگر کرتی ہیں۔ بھارتی میزائل حملوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کا خیر ذمہ دارانہ اقدام دو ایٹمی طاقتوں کو بڑی جنگ کے دہانے پر لے آیا ہے۔مرید کے، بہاولپور، کوٹلی اور مظفر آباد میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا گیا، بھارتی حملے میں خواتین اور بچوں سمیت کئی معصوم شہری شہید ہوئے۔بھارتی جارحیت سے فضائی حدود میں تجارتی پروازوں کو شدید خطرہ لاحق ہوا، بھارتی حملہ اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، پہلگام حملے کے بعد بھارت نے ایک بار پھر جھوٹے بیانیے پر خطے کے امن کو خطرے میں ڈالا، بھارت کا غیر ذمہ دارانہ اقدام دو ایٹمی طاقتوں کو بڑی جنگ کے دہانے پر لے آیا ہے، پاکستانی قوم، حکومت اور مسلح افواج بھارتی جارحیت کے خلاف متحد ہیں، پاکستان ہر قیمت پر اپنی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کا دفاع کرے گا۔

پاک فوج کے لیے جان بھی قربان ہے: صدر فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن محمد طاہر

سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور ایم سی کا عملہ شہر میں صفائی نظام درست کرنے میں ناکام

ڈسکہ کلاں، سمبڑیال روڈ، پسرور روڈ کی گندی نالیاں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی کا منہ چڑا رہی ہیں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور ایم سی کا عملہ شہر میں صفائی نظام درست کرنے میں ناکام، گلی محلوں گھروں اور نالیوں کی صفائی ہفتوں بعد ہونے لگی، نالیوں سے نکالا گیا مواد خشک ہو کر دوبارہ نالیوں میں گر رہا ہے ڈسکہ کلاں، سمبڑیال روڈ، پسرور روڈ کی گندی نالیاں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی کا منہ چڑا رہی ہیں کوڑے کے ڈھیروں اور سیوریج کے گٹروں سے اٹھنے والے تعفن سے لوگ بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں شہریوں نے کہا کہ مین روڈز کی صفائی کی جاتی ہے مگر گلی محلوں سے کوڑے کے ڈھیر نہیں اٹھائے جا رہے ہیں اور نہ ہی سیوریج کی مین لائنوں کی صفائی کی جاری ہے شہریوں نے وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق، سیکریٹری لوکل گورنمنٹ، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا را اصغر علی اسٹنٹ کمشنر ڈاسکہ چوہدری عثمان غنی اور متعلقہ ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

گوجرانولہ اور گجرات میں بھارتی ڈرون گرنے کے واقعات: پاک فوج کی بروقت کارروائی سے ممکنہ تباہی ٹل گئی

پہلا واقعہ صبح 44:3 بجے گوجرانولہ کے نواحی علاقے جنڈیالہ باغ والا، پسرور روڈ پر پیش آیا، جہاں سوکھن آباد کے قریب دشمن کا ڈرون گرایا گیا



گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) بھارتی جارحیت کا منہ بولتا ثبوت سامنے آگیا، جب گزشتہ رات پاکستان کی فضائی حدود کی سنگین خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی ڈرونز دو مختلف مقامات پر داخل ہوئے، تاہم پاک فوج نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے تباہ کر دیا۔ پہلا واقعہ صبح 44:3 بجے گوجرانولہ کے نواحی علاقے جنڈیالہ

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر

بھارت نے بالآخر آپریشن سندور کے نام سے پاکستان کے متعدد مقامات پر میزائل حملے کر کے اپنے دعوے کے مطابق 22 اپریل کو پہلگام سانحہ میں ہونے والی ہلاکتوں کا بدلہ لے لیا ہے۔ ان حملوں میں 26 افراد جاں بحق اور 46 زخمی ہوئے ہیں۔ پاکستانی فوج کے ترجمان کے مطابق جوابی کارروائی میں بھارت کے پانچ لڑاکا طیارے مار گرائے گئے ہیں اور ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ رات کے دوران ہونے والی ان جنگی کارروائیوں کے بعد دونوں طرف سے کامیابی اور دشمن کے دانت کھٹے کرنے کے دعوے کیے جا رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا میں وزیراعظم نریندر مودی کا یہ بیان شائع ہوا ہے کہ آپریشن سندور دہشت گردوں کو پیغام اور پہلگام میں ہلاک ہونے والوں کے پسماندگان کو خراج تحسین ہے۔ بھارتی حکام نے اس فوجی کارروائی کو آپریشن سندور کا نام دے کر اسے مذہبی رنگ دیا ہے کیوں کہ ہندو خواتین سہاگ کی نشانی کے طور پر ماتھے پر سندور کا ٹیکہ لگاتی ہیں۔ بھارت کے مطابق یہ جوابی کارروائی ہے جس کے دوران پہلگام میں ہلاک ہونے والے مردوں کی بیواوں کا انتقام لیا گیا ہے۔ حملوں کے بعد بھارتی سرکاری ذرائع کی طرف سے اعلان کیا گیا تھا کہ ان حملوں سے انصاف ہو گیا ہے۔ گویا یہ اشارہ دیا گیا کہ اب بھارت مزید کارروائی کا ارادہ نہیں رکھتا۔ بھارت کی وزارت دفاع کے پریس ریلیز میں بھی متوازن اور معتدل زبان استعمال کی گئی تھی۔ اس بیان کے مطابق ان حملوں میں تحمل کا مظاہرہ کیا گیا۔ بھارت کا مقصد اشتعال انگیزی نہیں تھا۔ پاکستانی فوج کی تنصیبات کو نشانہ نہیں بنایا گیا۔ تاہم صرف بھارت کے کہنے سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے۔ ان حملوں میں صرف آزاد کشمیر میں ہی میزائل نہیں پھینکے گئے بلکہ پاکستان کی حدود میں حملے کیے گئے ہیں۔ پاکستانی فوج کے مطابق یہ جنگ کا اقدام ہے اور اس کا سخت جواب دیا جائے گا۔

پاکستانی دعووں کے مطابق بھارتی حملوں کے فوری بعد کارروائی کرتے ہوئے پانچ بھارتی طیارے مار گرائے گئے تھے جو مقبوضہ کشمیر اور بھارت کے مختلف علاقوں میں نشانہ بنائے گئے۔ آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا ہے کہ پاکستان ائرفورس نے ان طیاروں کو اس وقت نشانہ بنایا جب انہوں نے بلاجواز و بلاضرورت اشتعال انگیزی کرتے ہوئے پاکستان کی علاقائی سالمیت کو پامال کیا اور پاکستان کے شہریوں کو نقصان پہنچایا۔ ترجمان نے اس کے علاوہ متعدد بھارتی فوجی پوسٹس اور ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کرنے کا دعوی بھی کیا۔ اس کے علاوہ رات کے دوران لائن آف کنٹرول پر شیلنگ کے تبادلے میں تیزی آئی اور دونوں طرف شہریوں کی ہلاکتوں کی اطلاعات ہیں۔ پاکستانی ذرائع کے مطابق 5 شہری جاں بحق ہوئے جبکہ بھارت کے زیر انتظام کشمیر میں 7 افراد ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ پاکستان کی طرف سے جن پانچ بھارتی طیاروں کو نشانہ بنانے اور تباہ کرنے کا دعوی کیا گیا ہے ان میں بھارتی ائرفورس کے تین رافیل طیارے شامل ہیں۔ دیگر دو میں ایک مگ 29 ایک ایس یو 30 قسم کا طیارہ مار گرایا گیا۔ ان میں سے تین مقبوضہ کشمیر میں گرے جبکہ دیگر دو بھارت کے علاقے میں تباہ ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسیاں بھی بھارتی طیاروں کے تباہ ہونے کی اطلاعات دے رہی ہیں۔ نیوز ایجنسی رائیٹرز نے مقبوضہ کشمیر میں گرنے والے تین طیاروں کے تباہ ہونے کی تصدیق کی ہے۔ بی بی سی کے نمائندے نے بھی ایک تباہ شدہ طیارے کا ملبہ دیکھا ہے۔ البتہ نہ تو بھارتی میڈیا میں اس بارے میں کوئی خبر موجود ہے اور نہ ہی بھارتی حکومت نے اس کی تصدیق کی ہے۔ حالانکہ عینی شاہدین نے بین الاقوامی میڈیا ذرائع کو بتایا ہے کہ انڈین ائرفورس تباہ شدہ طیاروں کے ملبے تک پہنچی ہے اور ان کا معائنہ کیا جا رہا ہے۔ ملبے کے چاروں طرف رکاوٹیں لگا کر وسیع علاقے کو عام لوگوں کی آمد و رفت کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔ آپریشن سندور کے ذریعے حملے کر کے بھارتی حکام پاکستان کے ساتھ حساب برابر کرنے کا دعوی کر رہے ہیں۔ نئی دہلی میں حکام نے امریکہ، روس، سعودی عرب، برطانیہ اور متحدہ عرب امارات کے سفیروں کو ان حملوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ دوسری طرف پاکستان نے متعدد بھارتی فائٹر جیٹ تباہ کر کے حملوں کا بدلہ لے لیا ہے۔ غیر جانبدار ذرائع بھی چند بھارتی طیارے تباہ ہونے کی تصدیق کر رہے ہیں۔ اس طرح دیکھا جائے تو پاکستان نے بھی بھارتی میزائل حملوں کے جواب میں بھارتی فضائیہ کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔ لیکن اس کے باوجود یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان حملوں کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے۔ پاکستانی حکام مسلسل بدلہ لینے کا اعلان کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ پاکستان اپنی مرضی کے وقت اور مقام پر اس کا حساب برابر کرے گا۔

بھارت کا پاکستان پر حملہ اور عبرتناک شکست

اگر ہم بات کریں بھارت کے پاکستان پر بزدلانہ حملہ کی تو پاک فضائیہ نے 5 بھارتی طیارے مار گرائے، بریگیڈ ہیڈ کوارٹر بھی تباہ کر دیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف نے کہا ہے کہ بھارت نے اپنی فضائی حدود سے بہاولپور، کوٹلی، مظفر آباد میں میزائل داغے ہیں اور بلا اشتعال بزدلانہ حملہ کیا ہے جبکہ پاک فوج نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے 5 جہاز مار گرائے۔

ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف نے کہا ہے کہ بزدل دشمن کی جانب سے پاکستان میں احمد پور ایسٹ میں مسجد سبحان کو نشانہ بنایا گیا، مظفر آباد میں مسجد بلال کو نشانہ بنایا گیا، کوٹلی میں مسجد عباس کو بشانہ بنایا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف کے مطابق بھارتی حملوں میں ایک معصوم بچی سمیت 8 پاکستانی شہید جبکہ 35 زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پاک فضائیہ کے جہاز ہمہ وقت تیار ہیں، بھارت نے رات کی تاریکی میں اپنی فضائی حدود سے بزدلانہ حملہ کیا ہے جو انتہائی شرمناک ہے اس کے علاوہ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف کا مزید کہنا تھا کہ اب پاکستان اس کا جواب اپنی مرضی کے وقت اور مقام پر دے گا۔ کہا تھا نہ کہ شروع وہ کریں گے اور پھر اس جنگ کو آگے کہاں تک لے کر جانا ہے، یہ ہمارا فیصلہ ہو گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف نے واضح کیا ہے کہ اس شرمناک اشتعال انگیزی پر بھارت کو جواب دیے بغیر ایسے نہیں چھوڑا جا سکتا، اس سے پہلے اگر پاک بھارت کشیدگی کا جائزہ لیں تو بھارت نے پہلگام کا فالس فلیگ آپریشن کر کے پاکستان کو ملوث کرنے کی ناپاک کوشش کی، جس میں اسے بری طرح ناکامی ہوئی۔ دنیا بھارت کی چالبازی سے اچھی طرح واقف ہے۔

پاکستان نے پہلگام واقعہ کی نہ صرف مذمت کی ہے بلکہ عالمی سطح پر اس کی انکوائری کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ یاد رہے، اس سے پہلے بھی بھارت پلوامہ اور بالاکوٹ جیسے ڈرامے کر چکا ہے۔ بھارت ہمیشہ پاکستان کو بدنام کرنے کی طرح طرح کی سازشیں کرتا رہتا ہے اور یہاں تک کہ پاکستان میں بھارتی خفیہ ایجنسی را اور بھارتی دہشت گردی کے واضح ثبوت موجود ہیں۔ کلبھوشن یادیو اس کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔



نقطہ نظر

کالم نگار

محمد شہزاد بھٹی

shehzadbhatti323@gmail.com

بلوچستان میں دہشت گردی، سانحہ جعفر ایکسپریس اس کی واضح مثالیں ہیں۔ اگر ہم سوشل میڈیا پر نظر دوڑائیں تو بھارت کی پاکستان پر حملے کی بزدلانہ کاروائی اور عبرت ناک شکست کے بعد سوشل میڈیا پر پاک بھارت کشیدگی اور جنگی صورتحال کی وجہ سے دونوں اطراف کی عوام کا ردعمل مختلف ہے شدت پسند ہندو بھارت کی پاکستان کے ہاتھوں شکست پر شدید غصے میں پاکستان سے نفرت اور انتقام کی آگ میں جل رہے ہیں جبکہ پاکستانی عوام اپنے جذبہ حب الوطنی کا خوب اظہار کر رہی ہے

اور اب مزید جنگ کی صورت میں فرنٹ لائن پر جا کے لڑنے کے عزم کا اظہار بھی کر رہی ہے۔ ہمیں یہ یاد رکھنا ہو گا کہ بھارت اور پاکستان ایک دوسرے کے روایتی حریف ہیں اور جدید ترین مزائل اور ایٹمی ہتھیار رکھنے والے ملک ہیں اور مزید جنگ کی صورت میں حالات کنٹرول سے باہر بھی ہو سکتے ہیں جس کا غالب امکان موجود ہے اور پاکستان یا بھارت کسی بھی طرف سے ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال ہو سکتا ہے جو پورے خطے کے امن کو خطرے میں ڈال سکتا ہے، اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ پاکستان امن پسند ملک ہونے کے ناطے جنگ نہیں چاہتا لیکن بدقسمتی سے دوسری طرف ہندو انتہا پسند جماعت بی جے پی کی حکومت جو ہر صورت اسلام دشمنی کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہو کر خطے کو جنگ میں دھکیلنا چاہتی ہے بابری مسجد کی شہادت گجرات میں مسلمانوں کا قتل عام، مقبوضہ جموں کشمیر میں بدترین ظلم و ستم یہ سب آر ایس ایس کے بنیادی ایجنڈے کا حصہ ہیں جبکہ دنیا نے اور بطور خاص اسلامی ممالک نے کبھی ان بھارت کے انسانیت سوز اقدامات پر اپنا موثر کردار ادا ہی نہیں کیا جو بھارتی جارحانہ رویہ کی بڑی وجہ بنا۔ موجودہ خود ساختہ دہشت گردی کے پہلگام واقعے کے بعد بھارت نے جو پاکستان مخالف اقدامات اٹھائے، خیر الزام تراشی تو بھارت کا وطیرہ ہے ہی لیکن عجلت میں سندھ طاس معاہدہ معطل کر کے اپنی اندر کی اصل غلاظت کو باہر لے آیا بین الاقوامی معاہدوں کا دفاع بین الاقوامی ذمہ داری بھی ہوتی ہے

لیکن اس پر بھی دنیا کا ردعمل مایوس کن ہے۔ جنگ کی تباہ کاریوں کی بات کریں تو جب دو ایٹمی ملک آپس میں جنگ لڑیں گے تو اس کے نقصانات و اثرات کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ بھارت یاد رکھے کہ شاہین، غوری، ابدالی، فتح سمیت کئی دوسرے پاکستانی مزائل ان کے لئے پھول نہیں برسائیں گے۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر اب پھر بھارت نے جنگ مسلط کی تو پاکستان اسے نشان عبرت اور داستان ماضی بنا دے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر احمد شریف نے کہا ہے کہ بھارت کی غلط فہمی بہت اچھے طریقے سے دور کی جائے گی یہ تو ابھی دفاع کیا گیا ہے۔ پاکستان کی سیاسی قیادت اور عوام اپنی پاک فوج کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں بڑا فیصلہ، بھارت کو دھول چٹانے کے لیے عقاب کی نگاہ، چیتے کی لپک جھپک رکھنے والی، جرآت و بہادری کا نشاں پاکستان کی عزت و وقار کی علامت مسلح افواج کو مکمل جوابی کارروائی کا اختیار دے دیا گیا ہے۔ اللہ کریم ملک پاکستان کی حفاظت فرمائے اور اسے ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ آمین

برصغیر میں کرپشن کا آغاز

تحریر سید خالد جاوید بخاری

ذیل میں ایک جامع مضمون پیش کیا جا رہا ہے جس میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے تاریخی استبداد اور موجودہ پاکستانی حالات کا موازنہ تحقیقی انداز میں کیا گیا ہے عنوان: تاریخ کا آئینہ: ایسٹ انڈیا کمپنی کا استبداد اور پاکستان کے موجودہ حالات کا موازنہ ۔تعارف تاریخ صرف ماضی کی کہانی نہیں بلکہ حال کا آئینہ اور مستقبل کا اشارہ ہے۔

اگر اقوام اپنی تاریخ سے سبق نہ سیکھیں تو تاریخ خود کو دہراتی ہے اکثر زیادہ ہولناک انداز میں۔ ولیم ڈارلیمپل کی کتاب "The Anarchy" برصغیر میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ذریعے کی جانے والی معاشی، عسکری اور سماجی تباہی کو سامنے لاتی ہے۔ جب ہم آج کے پاکستان پر نظر ڈالتے ہیں تو کچھ حیران کن مماثلتیں دکھائی دیتی ہیں: سیاسی عدم استحکام، ادارہ جاتی کرپشن، غیر ملکی اثر و رسوخ، اور عوام کا معاشی استحصال۔ تاریخی پس منظر: ایسٹ انڈیا کمپنی کا تسلط 1757 کی جنگ پلاسی سے لے کر 1857 کی جنگ آزادی تک، ایسٹ انڈیا کمپنی نے دھوکہ، غداری اور مالی قوت کے ذریعے ہندوستان کے بڑے حصے پر قبضہ کیا۔ کمپنی کی پالیسیوں نے نہ صرف ریاستی اداروں کو مفلوج کیا بلکہ عوام کو غلامی، بھوک اور ذلت کی گہرائیوں میں دھکیل دیا۔ ڈارلیمپل لکھتے ہیں "It was not



just about trade, it was masked about power under corporate respectability."(ترجمہ: یہ محض تجارت نہیں بلکہ طاقت کا کھیل تھا جو کارپوریٹ عزت کے نقاب میں کھیلا گیا۔(

موجودہ حالات: جدید نوآبادیاتی رویہ آج کا پاکستان اگرچہ ظاہری طور پر آزاد ہے، مگر کئی حوالوں سے پرانے استعماری ماڈل کی جھلک دکھائی دیتی ہے .1 معاشی انحصار اور قرضوں کی غلامی آج پاکستان عالمی مالیاتی اداروں (IMF)، (World Bank کا مقروض ہے۔ ان اداروں کی شرائط ہمارے بجٹ، پالیسی سازی، اور قیمتوں کے تعین تک پر اثر انداز ہوتی ہیں، بالکل ویسے ہی جیسے ایسٹ انڈیا کمپنی مقامی حکمرانوں پر اپنی شرائط تھوپتی تھی۔ .2 اداروں کی کمزوری اور سیاسی انتشار جس طرح کمپنی نے ہندوستان کے درباری نظام، عدلیہ، اور فوج کو اپنے مقاصد کے تابع کر لیا تھا اداروں کی کمزوری اور سیاسی انتشار جس طرح کمپنی نے ہندوستان کے درباری نظام، عدلیہ، اور فوج کو اپنے مقاصد کے تابع کر لیا تھا

، آج پاکستان میں بھی ادارے سیاسی مفادات، اندرونی تصادم اور بیرونی دباؤ کا شکار ہیں۔ .3 وسائل کی لوٹ مار اور عوام کی بے بسی ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستانی دولت کو لوٹا؛ آج ہمارے قدرتی وسائل، زمینیں، حتی کہ بندرگاہیں) جیسے گوادر (غیر ملکی مفادات کے تحت چل رہی ہیں۔

مقامی کسان، مزدور، اور چھوٹے کاروبار سرمایہ داروں اور مافیاز کے چنگل میں جکڑے ہوئے ہیں۔ تاریخ سے سبق: دو سو سال بعد بھی وہی سازشیں اگرچہ آج دشمن کا چہرہ بدلا ہے، مگر طریقہ وہی ہے: مقامی اشرافیہ کو خرید کر عوام پر مسلط کرنا؛ ریاستی اداروں کو کمزور کرنا؛ تعلیم، صحت اور روزگار کو پس پشت ڈال کر صرف مالیاتی اشاریوں کو اہمیت دینا؛ عوامی شعور کو میڈیا، مذہب اور سیاست کے ذریعے منتشر رکھنا۔ موجودہ تنبیہ ولیم ڈارلیمپل کی کتاب محض ماضی کی داستان نہیں بلکہ ایک تنبیہ ہے

کہ اگر قومیں اپنے وسائل، خودمختاری اور اداروں کا تحفظ نہ کریں تو کارپوریٹ یا ریاستی نوآبادیات کسی بھی روپ میں دوبارہ مسلط ہو سکتی ہیں۔ پاکستان کے موجودہ حالات اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے دور میں کئی مماثلتیں پائی جاتی ہیں۔

دونوں ادوار میں عوام کو قربانی کا بکرا بنایا گیا جبکہ اشرافیہ نے مفاد پرستی، کرپشن اور غلامی کی راہ چنی۔

اگر ہم نے تاریخ سے سبق نہ سیکھا تو ہم ایک بار پھر اپنی خودمختاری کھو سکتے ہیں اس بار کسی کمپنی یا تاج برطانیہ کے ہاتھوں نہیں، بلکہ خود اپنے لالچی نظام، بے ضمیر قیادت، اور غیر ملکی معاہدوں کے ذریعے۔

موکوہاتو جوکی مایا

کالم نگار: حنا ہمدانی

گزشتہ دنوں پڑوسی ملک سے حالات کشیدہ ہونے کی خبریں عام ہونے کی صورت میں سوشل میڈیا پر رنگ برنگی میمز دیکھنے کو ملیں۔ دشمن کو للکارنے کا یہ انداز سمجھ سے بالاتر تھا۔ ایسی ہی صورتحال میں بچوں کے جاپانی ادب کے بہت بڑے نام موکوہاتو جوکا ناول مایا پڑھنے کا موقع ملا جس کو اردو میں ترجمہ کرنے والی خاتون کا تعلق بھی اگرچہ جاپان سے تھا لیکن انہوں نے بہت عمدہ انداز میں کتاب کا اردو ترجمہ کیا ہے۔ اس کتاب کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں مصنف نے ایک گاوں میں بسنے والے خاندان اور ان کے اردگرد کے ماحول پر جنگ کے اثرات کو اس سادگی سے بیان کیا ہے کہ معیارِ زندگی اور انسانی نفسیات اور تعلقات کا احوال بچے بھی سمجھ سکتے ہیں۔ اسے پڑھنے کے دوران جب غذا کی قلت ہونے پر شکر قندی کے پتوں کا پھیکا سوپ روزانہ پیے جانے کا ذکر ہوا جس میں نمک تک ڈالنے کو نہ ملتا تھا کہ ذائقہ بڑھایا جا سکے تو غزہ کے وہ بچے میری نظروں کے سامنے آ گئے جو گھاس توڑ کر کھا رہے تھے کیونکہ کمبخت پیٹ تو غذا مانگتا ہے۔ ایسے میں مجھے اپنی نئی نسل پر ترس آیا جو اس قدر لاڈلی ہے کہ اگر ماں ٹینڈے یا کدو تمام لوازمات کے ساتھ کھانے کے لیے پیش کرے تو منہ بنا کر دسترخوان سے اٹھ جاتے ہیں کہ بھوک ہی اڑ گئی، اگر ماں کوئی پسند کی چیز بنا کر نہ دے تو بازار سے پزا یا برگر وغیرہ آرڈر کر کے پیٹ کی آگ کو بجھانے کا سامان کیا جاتا ہے۔

کہانی ابھی یہاں ختم نہیں ہوتی کیونکہ معاملہ بھوک سے آگے جا پہنچتا ہے اور گاوں کے نوجوانوں کو جنگ کا حصہ بننے کے لیے بھیجا جاتا ہے جن میں آدھے سے زیادہ کبھی واپس نہ آئے۔ ایک ضعیف ماں کے دونوں جوان بیٹے جنگ میں مارے جاتے ہیں اور اس کا سہارا اب ایک کتارہ جاتا ہے۔ یہاں مجھے علامہ اقبال کا وہ شعر بہت شدت سے یاد آیا

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

معاملہ اب بھی ختم نہیں ہوا کیونکہ سرکار حکم دیتی ہے کہ فوجی کتوں کے علاوہ ملک کے تمام کتوں کو مار دیا جائے

پاکستانی قوم

پاکستانی فوج کے کور کمانڈرز کی کانفرنس نے کسی بھارتی جارحیت کا یقینی اور فیصلہ کن جوب دینے کا عزم دہرایا ہے۔ تاہم اس دوران امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی طرف سے پاکستان کو بالواسطہ طور سے پہلگام دہشت گرد کا قصوروار قرار دینے پر کوئی ردعمل سننے میں نہیں آیا۔ جے ڈی وینس کا بیان فوکس نیوز پر ایک انٹرویو کی شکل میں سامنے آیا ہے۔ انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں پہلگام سانحہ کے بعد برصغیر کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ یک طرفہ بیان دیا گیا ہے۔ انہوں نے پہلگام سانحہ کا الزام جزوی طور سے پاکستان کی طرف منتقل کرنے کی کوشش کی۔ یہ بیان نامناسب اور قابل گرفت ہے۔ پراسرار طور سے پاکستانی حکومت نے اس کا نوٹس لینے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ اس کی بجائے پاکستانی ترجمانوں کا سارا زور بھارت کی مذمت کرنے، پہلگام کو فالس فلیگ آپریشن قرار دینے اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر صرف ہو رہا ہے۔ حیرت انگیز طور پر آج راولپنڈی میں جنرل عاصم منیر کی صدارت میں منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس میں بھی اس قابل اعتراض اور پاکستان کا پانی بند کرنے کا اقدام سب سے زیادہ سنگین اور دونوں ملکوں کے درمیان حقیقی تصادم کا سبب بن سکتا ہے۔ امریکہ سمیت دنیا کے بیشتر ممالک نے پہلگام میں ہونے والی دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور بھارتی حکومت کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا ہے۔ پاکستان نے بھی اس وقوعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا لیکن اس کے ساتھ ہی اس واقعہ سے مکمل لاتعلقی ظاہر کی گئی ہے اور بھارت کے ان الزامات کو مسترد کیا گیا ہے کہ پہلگام



حرف رواں

تحریر

ڈاکٹر محمد عمران

دہشت گردی میں ملوث عناصر سے پاکستان یا یہاں سے فعال کسی گروہ کا کوئی ہاتھ ہو سکتا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے اسی پاکستانی موقف کو مسترد کرتے ہوئے پاکستان کو مشورہ دیا ہے

کہ جس حد تک اس کی سرزمین سے دہشت گرد اس واقعہ میں ملوث تھے، پاکستان کو چاہیے کہ وہ انہیں پکڑنے اور انجام تک پہنچانے میں بھارتی حکومت کے ساتھ تعاون کرے۔ وینس کے اس بیان میں پاکستانی موقف کو مکمل طور سے نظر انداز کیا گیا اور بھارت کے ساتھ مکمل امریکی یک جہتی ظاہر کی گئی ہے۔ پاکستان کی طرف سے ایسے خطرناک بیان کا نوٹس نہ لینا، اس جرم کی بالواسطہ ذمہ داری قبول کرنے کے مترادف ہے۔ جے ڈی وینس نے فوکس نیوز پر انٹرویو میں پاک بھارت کشیدگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ بھارت اس دہشت گردانہ حملے کا اس طرح جواب دے گا جس سے وسیع تر علاقائی تنازع پیدا نہ ہو۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان، جس حد تک ذمہ دار ہے بھارت کے ساتھ تعاون کرے گا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جو دہشت گرد اس کی سرزمین سے کارروائی کرتے ہیں ان کو نشانہ بنایا جائے اور ان سے نمٹا جائے ۔امریکی نائب صدر کے بیان میں دو نکات اہم ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ بھارت کو پاکستان کے خلاف محدود کارروائی کی دعوت دے رہے ہیں۔ بس انہوں نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ بھارت کا جواب ایسا ہو کہ اس سے کوئی بڑی جنگ نہ شروع ہو جائے۔ اس بیان میں بھارت کے حملہ کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان کے اس عزم کو قطعی طور سے کوئی اہمیت دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی کہ وہ بھی کسی بھارتی ایڈونچر کا ترکی بہ ترکی جواب دے گا اور یہ کارروائی فوری طور سے ہوگی۔ یہ موقف آئی ایس پی آر کے علاوہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی دہرا چکے ہیں۔ بلکہ آج منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس میں بھی یہی کہا گیا ہے کہ جنگ مسلط کرنے کی کسی بھی کوشش کا یقینی اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔

آئی ایس پی آر کی پریس ریلیز کے مطابق کور کمانڈرز کانفرنس میں خطے کی موجودہ صورتحال بالخصوص پاکستان اور انڈیا کے درمیان کشیدگی اور علاقائی سلامتی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر مسلح افواج نے کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کے خلاف ملک کی خود مختاری اور علاقائی سلامتی کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج دفاع وطن کے لیے اپنے عوام کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہیں۔

یہ پریس ریلیز پاکستانی موقف کو صراحت کے ساتھ بیان کرتی ہے۔ اس میں پہلگام سانحہ کی کسی قسم کی ذمہ داری قبول کرنے کا کوئی اشارہ نہیں ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی حیرت انگیز طور پر امریکی نائب صدر کے الزام تراشی پر مبنی بیان کو نظر انداز کرنا مناسب سمجھا گیا ہے۔ حالانکہ وینس نے اپنے مختصر تبصرے کے دوسرے حصے میں پاکستان کو اپنے حصے کی ذمہ داری قبول کرنے اور دہشت گردوں کو پکڑنے کے لیے بھارت کے ساتھ تعاون کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ دیکھا جا سکتا ہے کہ جے ڈی وینس نے بھارت کی حمایت میں بیان دیتے ہوئے برصغیر میں جنگ کی ہولناکی کا ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھا۔ نہ ہی یہ وضاحت کی گئی ہے کہ پاکستان تو اس واقعہ سے مکمل لاتعلقی ظاہر کرتا ہے

پھر امریکہ جیسی بڑی طاقت کا نائب صدر کس بنیاد پر پاکستان کو اپنے حصے کی ذمہ داری قبول کرنے اور تحقیقات میں بھارت کے ساتھ تعاون کرنے اور پاکستانی سرزمین میں دہشت گردوں کا پیچھا کرنے کا مشورہ دے رہا ہے۔ اگرچہ ڈی وینس نے یہ سوال اٹھانے کی ضرورت محسوس نہیں کی تو پاکستانی حکومت کو فوری طور سے اس پر اپنا ردعمل اور ناراضی رجسٹر کرانی چاہیے تا کہ ایک نئے معاملہ میں پاکستان کو دہشت گردی کا معاون قرار دے کر بعد میں اس کے خلاف مقدمہ بنانے کی کوشش نہ کی جائے۔ پاکستان پہلے ہی عالمی سفارتی تنہائی کا سامنا کر رہا ہے اور بھارت ایک سانحہ کی تحقیقات کے بغیر پاکستان کو سزا دینے کا اعلان کر رہا ہے۔ اب امریکی حکومت اس موقف کی تائید کر رہی ہے۔ یہ صورت حال پاکستان کی خود مختاری کے لیے شدید تشویش کا سبب ہونی چاہیے۔

نائب صدر وینس کے علاوہ متعدد امریکی ترجمانوں نے پہلگام سانحہ کے بعد مسلسل بھارت کا ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے۔

ایڈز سے آگاہی کا عالمی دن اور ہم جنس پرستی

تحریر: عبدالمعید زبیر

یکم دسمبر ہر سال بطور ایڈز سے آگاہی کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد لوگوں کو اس سے بچانا اور محفوظ رکھنا ہے۔ اسی سلسلے میں دنیا بھر میں مختلف تقریبات و سیمینارز کا انعقاد اور اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس میں حالات کی سنگینی کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ تحقیقاتی اور تجرباتی رپورٹس پیش کی جاتی ہیں اور مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جاتا ہے۔

دنیا بھر میں اس دن کو پہلی مرتبہ 1987 میں منایا گیا۔ مگر اس کے تیزی سے پھیلاو کو روکنے اور اس کے معالجے کو وسعت دینے کی خاطر 2000 میں اقوام متحدہ کی جانب سے دنیا بھر میں لوگوں کو آگاہی ملی۔ اس مہلک بیماری کا پہلا مریض 1980 میں تشخیص ہوا مگر اب تک اس کا کوئی تسلی بخش یا یقینی علاج دریافت نہیں ہوا۔ کچھ لوگ اس سے صحت یاب ہوئے ہیں، مگر یہ طریقے نہ تو یقینی علاج ثابت ہوئے نہ ہی مکمل قابل اعتماد ہیں۔ تاہم اس مہلک مرض کے علاج کے لیے تجربات اور تحقیقات کا سلسلہ جاری ہے۔

ایڈز جنوبی افریقہ، امریکہ، آسٹریلیا، انڈیا، تنزانیہ، ناٹجیریا وغیرہ سمیت کئی ممالک میں بہت تیزی سے پھیل چکا ہے۔ وائس آف امریکہ کی رپورٹ کے مطابق تقریبا تین کروڑ اسی لاکھ لوگ اس بیماری کا شکار ہو چکے ہیں۔ اس وقت سب سے زیادہ تعداد بھی امریکہ میں ہی پائی جاتی ہے۔ امریکی ادارے پیپ فار نے امریکہ کے علاوہ دیگر کئی ممالک کو بھی ایڈز پر معاونت فراہم کی اور 2020 میں ایک سال کے اندر تقریبا ایک کروڑ 72 لاکھ لوگوں کو ادویات فراہم کی۔

2021 میں امریکی صدر نے اپنے بیان میں یہ دعوی کیا کہ اس کی روک تھام کے لیے امریکہ نے 670 ملین ڈالر فراہم کیے ہیں۔ اور 2030 تک اس مرض کو دنیا سے ختم کرنے کے عزم ظاہر کیا۔ امریکی صدر کے بیان کے مطابق پیپ فار منصوبے کے ذریعے اب تک 21 ملین سے زائد لوگوں کی زندگیاں بچائی ہیں۔ لاکھوں لوگوں کو تحفظ فراہم کیا ہے۔ موقر جریدے ڈان نیوز کی رپورٹ کے مطابق چالیس سالوں میں 77 ملین لوگ اس سے متاثر ہوئے اور 35 ملین لوگ اسی مرض کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔

اب اگر ایڈز کی سب سے بنیادی وجہ دیکھی جائے تو وہ جنسی بے راہ روی ہے۔ دوسرا اہم سبب ہم جنس پرستی ہے۔ اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ صحت کی سال 2000 میں شائع کردہ عربی مطبوعات کے مطابق مختون)ایسے افراد جن کے ختنے ہوئے ہوں (کو ایڈز کے خطرات نسبتا کم ہوتے ہیں۔

عالمی پالیسیوں کی دورخی بھی کمال ہے۔ ایک طرف ایڈز کا رونا رویا جاتا ہے تو دوسری ہم جنس پرستی اور پورن انڈسٹری کو فروغ دیا جاتا ہے۔ ڈنمارک، آسٹریلیا، پولینڈ، سویڈن اور امریکہ سمیت کئی ممالک پورن انڈسٹری کے فروغ میں پیش پیش ہیں۔ اب تو فوجی اداروں میں ہم جنس پرست مردوں اور عورتوں (lesbian & gay) کو کھلے عام خدمت کی اجازت دی جاتی ہے۔ نیٹو میں شامل بیس ممالک انہیں خدمت کی اجازت دیتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل ارکان میں سے تین) سلطنت متحدہ UK، فرانس، ریاست متحدہ (USA لیسبین اور سیکشوئل لوگوں کو خدمت کی اجازت دیتے ہیں۔

اسرائیل مشرقی وسطی کا وہ واحد ملک ہے جو اپنی فوج میں ہم جنس پرستوں کو کھلے عام اجازت دیتا ہے۔ اور اب غیر ملکی این جی اوز پاکستان میں ہم جنس پرستی کے فروغ کے لیے سرتوڑ کوششیں کر رہی ہے۔ موقر جریدے دی نیوز میں شائع تازہ ترین رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں کافی حد تک اضافہ ہو رہا ہے جس میں زیادہ تر ہم جنس مرد، اور ٹرانسجینڈرز شامل ہیں۔

پاکستان میں ایک طرف تو ٹرانسجینڈرز کے حقوق کے نام پر عرصہ دراز سے ہم جنس پرستی کے فروغ ا



رضوان کپتانی کے اہل نہیں، انہیں فوراً ہٹایا جائے‘ کامران اکمل

پی سی بی) کو ان کی کپتانی سے متعلق سوچنا ہوگا، وہ اس قابل نہیں کہ ٹیم کی قیادت کر سکیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں محمد رضوان کی کپتانی پر انہیں آڑے ہاتھوں لیا۔ یہ نجی ٹی وی چینل کنگٹوکرتے ہوئے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان کی قائدانہ صلاحیتوں پر انہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انہیں نااہل قرار دیا۔ کامران اکمل نے کہا کہ پتہ اور زلی کے ہاتھوں ملتان سلطانز کی شکست پر محمد رضوان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو انکی کپتانی سے متعلق سوچنا ہوگا، وہ اس قابل نہیں کہ ٹیم کی قیادت کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ بطور رنر کی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

وفاقی ٹیکس محتسب نے جنت ابوذر کو ایڈوائزر برائے ڈیجیٹلائزیشن مقرر کر دیا

عالمی سطح پر اعلیٰ تعلیم اور پالیسی سازی میں عملی تجربہ رکھنے والی جنت ابوذر ایک نئی سوچ کے ساتھ اس ادارے میں شامل ہو رہی ہیں



لاہور (کامرس رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب نے اپنے نظام میں ڈیجیٹل اصلاحات کی جانب ایک انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے جنت ابوذر کو ڈیجیٹلائزیشن کی ایڈوائزر مقرر کر دیا ہے جو بیرون ملک سے تعلیم یافتہ ہیں۔ جنت ابوذر ڈیجیٹل گورننس اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی پالیسی سازی میں وسیع تجربہ رکھتی ہیں اور توقع کی جا رہی ہے کہ وہ ایف ٹی او کے آپریشنل نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ یہ تقرری ایسے وقت میں عمل میں آئی ہے جب پاکستان میں عوامی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایک ناگزیر ضرورت بن چکی ہے۔

عالمی سطح پر اعلیٰ تعلیم اور پالیسی سازی میں عملی تجربہ رکھنے والی جنت ابوذر ایک نئی سوچ کے ساتھ اس ادارے میں شامل ہو رہی ہیں۔ بطور ایڈوائزر ان کی ذمہ داریوں میں شکایات کے ازالے کے نظام کو ڈیجیٹل بنانا، شفافیت کو فروغ دینا، جوابی کارروائی کے وقت کو کم کرنا اور ایف ٹی او کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانا شامل ہوگا۔ ساتھ ہی وہ صارف دوست ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی تیاری اور ڈیٹا اینالیٹکس کے ذریعے کارکردگی کی نگرانی کے نظام کو بہتر بنانے میں بھی رہنمائی فراہم کریں گی۔ جنت ابوذر نے کہا کہ ان کے لیے یہ بہت بڑا اعزاز ہے۔ وہ آئی ٹی ماہرین اور متعلقہ اداروں کے ساتھ اشتراک عمل شروع کریں گی تاکہ ایف ٹی او کے اندر ایک پائیدار ڈیجیٹل ایکو سسٹم تشکیل دیا جاسکے۔

ضلع بھر کے شہری مضر صحت اشیاء خورد ونوش خریدنے پر مجبور

شہریوں کے مطابق شہر اور گرد ونواح کی آبادیوں میں غیر معیاری اشیاء خورد ونوش کی بھرمار ہو گئی ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب فوڈ اتھارٹی کے متعلقہ افسران و ملازمین کی عدم دلچسپی و لاپرواہی کے باعث ضلع بھر کے شہری مضر صحت اشیاء خورد ونوش خریدنے پر مجبور، شہریوں کے مطابق شہر اور گرد ونواح کی آبادیوں میں غیر معیاری اشیاء خورد و نوش کی بھرمار ہو گئی ہے اور جگہ جگہ جوس و دیگر مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں نے سرعام کاروبار کھول رکھے ہیں دکاندار زیادہ منافع کمانے کے لالچ میں غیر معیاری اشیاء کو ترجیحی طور پر فروخت کر رہے ہیں جن میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے برانڈز کے ناموں سے ملتے جلتے ناموں کے برانڈز کی بھرمار ہے جن کے استعمال سے شہری مختلف امراض کا شکار ہو رہے ہیں خصوصاً بچے پیٹ کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں جبکہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے متعلقہ افسران و ملازمین اس سنگین معاملے پر کاروائی کرنے کو تیار نہیں پنجاب فوڈ اتھارٹی کا عملہ بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہا ہے ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس بھی اس حوالے سے بالکل خاموش دکھائی دیتے ہیں جس کے باعث جعلی برانڈز کی غیر معیاری و مضر صحت اشیاء خورد ونوش شہر اور گرد و نواح میں دھڑلے سے فروخت ہو رہی ہیں۔ جو کہ انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

ڈرائیونگ لائسنس میرٹ پر جاری کرنا اولین ترجیح ہے: ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پولیس

شہری ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کر کے خود کو اور دوسروں کی زندگیوں کو محفوظ بنا سکتے ہیں

عارف والا (نمائندہ قوت) ڈرائیونگ لائسنس میرٹ پر ایمانداری کے ساتھ جاری کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے وژن کے مطابق اور ڈی پی او پاکپتن کی ہدایت پر ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء میرٹ پالیسی کے تحت جاری تھے ہوئے ہیں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آئے ہوئے تمام افراد کو ٹریفک قوانین کے متعلق ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر عبدالمجید بھٹی نے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ایجنٹ اور ٹاؤٹ مافیا سے بچنے کیلئے آئی جی پنجاب پولیس نے عوام الناس کی سہولت کیلئے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کو کمپیوٹرائزڈ کر کے آسان بنا دیا ہے تاکہ شہری ڈرائیونگ لائسنس میرٹ پر بنوانے کیلئے ڈائریکٹ ڈرائیونگ لائسنس آفس آئیں تاکہ ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء میرٹ پر کیا جاسکے انہوں نے مزید کہا کہ شہری ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور ڈرائیونگ لائسنس انتہائی ضروری ہے ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے لہٰذا ٹریفک قوانین کو اپنا کر اپنی اور دوسروں کی قیمتی جانیں محفوظ بنائیں یہ باتیں انہوں نے کمرشل ٹیسٹ لینے کے دوران میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کا حصول اور ٹریفک قوانین کی پابندی از حد ضروری ہے کیونکہ نوجوان ہمارے روشن مستقبل کے ضامن ہیں انکی آبیاری کرنا، حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے آگاہی دینا ہماری ذمہ داری ہے والدین کو بھی چاہئے کہ اپنے کم عمر بچوں کو کوئی بھی گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے سے منع کریں اس موقع پر موٹر وہیکل آفیسر سید فہد حسین گیلانی، سید طاہر محمود شاہ، غلام رسول، محمد عابد سمیت دیگر عملہ بھی موجود تھا۔



ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہنگامی مشقوں کا انعقاد

فرضی مشقوں میں ریسکیو 1122، پولیس، سول ڈیفنس سمیت تمام ضلعی اداروں نے حصہ لیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر محکمہ ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے رات گئے ریلوے اسٹیشن پر فرضی مشقوں کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنر سمیت تمام ضلعی اداروں کے سربراہان موجود تھے۔ فرضی مشقوں میں ریسکیو 1122، پولیس، سول ڈیفنس سمیت تمام ضلعی اداروں نے حصہ لیا۔ فرضی مشقوں کے دوران ہنگامی صورتحال کا سائرن بجتے ہی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، ریسکیو 1122 نے دو منٹ میں ریسپانڈ کیا جبکہ دیگر ادارے پانچ منٹ میں جائے وقوعہ پر پہنچے۔ موک ایکسرسائز کے دوران حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال شفٹ کیا گیا جبکہ بلڈنگ میں پھنسے لوگوں کو نکالنے شہریوں کو چھتوں سے اتارنے اور آگ بجھانے کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فرضی مشقوں کا مقصد تمام اداروں کی کارکردگی جانچنا اور آپسی کوارڈینیشن کا جائزہ لینا ہے، موجودہ عملی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام اداروں کی تیاریاں مکمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے لیے پاک افواج اور دیگر ادارے ہمہ وقت تیار ہیں، اعیادہ کرتے ہیں ملک پاکستان کی خاطر کبھی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک افواج کے ساتھ ملکر ملک کے چپے چپے کی حفاظت کریں گے۔ موک ایکسرسائز کے اختتام پر پنڈال پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ ڈپٹی کمشنر نے موک ایکسرسائز میں حصہ لینے اور بروقت ریسپانڈ کرنے پر تمام اداروں کے افسران و ملازمین کو شاباش دی اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ نے حملے میں زخمی ہونے والے افراد کی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں عیادت کی اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے طبی عملے کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔

ٹیولپ سٹی کی انتظامیہ کے خلاف شہری سراپا احتجاج بن گئے

علاقہ مکینوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ٹیولپ سٹی میں صفائی ستھرائی کے ناقص ترین انتظامات ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں ٹیولپ سٹی کے سینکڑوں مکین ٹیولپ سٹی کی انتظامیہ کی جانب سے سروس چارجز میں اضافہ کیے جانے اور اور ناقص ترین سروسز فراہم کیے جانے کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔ علاقہ مکینوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ٹیولپ سٹی میں صفائی ستھرائی کے ناقص ترین انتظامات ہیں۔ جبکہ یہاں کا علاقہ آوارہ کتوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے اور سیکورٹی کا بھی فقدان ہے مزید برآں رات 9 بجے کے بعد لائٹس بھی بند کر دی جاتی ہیں جس سے سوسائٹی میں کسی بھی چوری ڈکیتی کے خطرات منڈلانے لگتے ہیں۔ لیکن اسکے باوجود ٹیولپ سٹی انتظامیہ نے پانچ مرلہ کے سروس چارجز چودہ سو روپے سے بڑھا کر دو ہزار، دس مرلہ کے چارجز دو ہزار سے بڑھا کر پچیس سو روپے، اور ایک کنال کے گھر پچیس سو روپے سے بڑھا کر تین ہزار روپے کر دیئے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے مزید کہا کہ سوسائٹی کی انتظامیہ پارکنگ ایریا پبلک مقامات کو بھی کمرشل بنا کر کروڑوں میں فروخت کر رہی ہے اور اس وقت سوسائٹی میں ایمبی کی ملی بھگت سے غیر قانونی تعمیرات کا مذموم دھندہ بھی عروج پر پہنچا ہوا ہے جس کا ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو سخت نوٹس لینا چاہئے۔

نواحی گاؤں باہومان میں رات کے اندھیرے میں بھارت کی جانب سے ڈرون حملے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں دوسرے روز بھی بھارت نے مریدکے کے سرحدی علاقہ اور نواحی گاؤں باہو مان میں رات کے اندھیرے میں ڈرون حملے کیے جنہیں پاک فوج کے جوانوں نے جوابی کاروائی میں تباہ کر دیا جس کے بعد سیکورٹی فورسز و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر تباہ شدہ ڈرونز کے ملبہ کو تحویل میں لے لیا پاک فوج کے جوانوں کے سرحدی علاقہ میں پہنچنے پر دیہاتیوں نے پاک فوج کے حق میں زبردست نعرے بازی کی جبکہ کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ آرپی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے پاک فوج کے ایک دستہ کے ہمراہ مذکورہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا جبکہ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ سول ڈیفنس کے رضاکاروں کی ڈرلز کا بھی معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار رہیں۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر کے 80 فیصد سے زائد سرکاری تعلیمی اداروں میں فلٹریشن پلانٹس نہ لگ سکے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر کے 80 فیصد سے زائد سرکاری تعلیمی اداروں میں فلٹریشن پلانٹس نہ لگ سکے، طلبہ و طالبات نلکوں، ٹونٹیوں سے بدبودار آلودہ پانی پینے پر مجبور، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں واقع سینکڑوں سرکاری سکولز دفاتر کے باہر نصب اکا دکا واٹر فلٹریشن پلانٹس خراب غیر فعال پڑے ہیں، بچے نلکوں، ٹونٹیوں سے بدبودار اور آلودہ پانی پینے پر مجبور ہیں بلکہ جہلم شہر کے 70 فیصد سے زائد سرکاری تعلیمی اداروں میں پانی کے فلٹریشن پلانٹس تاحال نہیں لگ سکے جہاں پہلے سے لگے ہوئے۔ اکثر و بیشتر خراب پڑے ہیں جن کو ابھی تک ٹھیک نہیں کروایا جاسکا۔ گرمی کی شدت میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ ضلع بھر میں سرکاری و پرائیویٹ 90 فیصد کالجز میں بھی واٹر فلٹریشن پلانٹس نہیں لگے جن کالجز وغیرہ میں فلٹریشن پلانٹ نصب ہیں انتظامیہ کی عدم دلچسپی کی وجہ سے اکثر خراب پڑے ہیں۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری تعلیم سے سرکاری تعلیمی اداروں میں واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کرنے اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے سلسلہ میں آگاہی واک

محکمہ صحت کے افسران نے شہریوں اور دوکانداروں میں ڈینگی سے بچاؤ کے حوالے سے معلوماتی پمفلٹس بھی تقسیم کیے



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت حافظ آباد کی جانب سے ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے سلسلہ میں عوام میں آگاہی کے لیے ان ڈور اور آؤٹ ڈور سرگرمیوں میں مصروف ہیں تاہم ڈینگی سے بچاؤ اور اس کی روک تھام کے لیے عوام کا بھی فرض ہے کہ وہ حفاظتی و احتیاطی اقدامات پر عمل کرتے ہوئے اپنے گھروں، گلی، محلوں، دفاتر اور دیگر مقامات کی صفائی ستھرائی کو یقینی بنائیں تاکہ کہیں بھی جگہ ڈینگی مچھر کی افزائش نہ ہو سکے۔ انسداد ڈینگی آگاہی واک کے اختتام پر سی ای او ہیلتھ اور دیگر ڈاکٹرز نے شہریوں اور دوکانداروں میں ڈینگی سے بچاؤ اور اس کے لاروا کی افزائش کی روک تھام اور عوام کو اس سے بچاؤ کے لیے بھرپور حفاظتی اقدامات کیے جانے کے حوالے سے معلوماتی پمفلٹس بھی تقسیم کیے۔

پوری قوم سیکورٹی اداروں کے ساتھ ہے: چوہدری اورنگزیب گورائیہ

مودی نے دوبارہ کوئی حرکت کی تو نشان عبرت بنا دیں گے پاک فوج کو سلام پیش کرتے ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پوری قوم سیکورٹی اداروں کے ساتھ ہے مودی نے دوبارہ کوئی حرکت کی تو نشان عبرت بنا دیں گے پاک فوج کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملکی دفاع کو مضبوط بنایا تمام ادارے اور سیاسی جماعتیں ملکی سالمیت کی خاطر ایک پیج پر ہیں ان خیالات کا اظہار سیاسی و سماجی شخصیت مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عوام سیکورٹی اداروں اور عسکری قیادت کے ساتھ ہے کسی صورت بھی بھارت کو سر اٹھانے نہیں دیں گے پاکستان رہتی دنیا تک قائم و دائم رہے گا ہم سب نے ملکر ملک کی حفاظت اور دفاع کو یقینی بنانا ہے اپنے اداروں اور قیادت کو مضبوط کرنا ہے ہم سب مل کر ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنائیں گے۔

پتوکی میں نیشنل ہائی وے میدان جنگ بن گیا، مظاہرین نے آگ لگا دی

ٹریفک گھنٹوں جام رہی، واقعہ میں پولیس ایس ایچ او شدید زخمی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی میں نیشنل ہائی وے میدان جنگ بنا رہا مظاہرین نے دیناناتھ ٹول پلازہ کے کولیکشن کیبنز کو اکھاڑ پھینکا اور آگ لگا دی جبکہ ٹریفک گھنٹوں جام رہی واقعہ میں پولیس ایس ایچ او شدید زخمی۔ تفصیل کے مطابق پتوکی میں پھولنگر ٹول پلازہ پر فیکٹری ملازمین کی بس ڈرائیور نے کیبن سے کچھ آگے کھڑی کی جس پر ٹول پلازہ کے بدتمیز عملے نے گاڑی کے شیشے توڑ دیئے شیشے ٹوٹنے سے گاڑی میں موجود خواتین فیکٹری ورکرز زخمی ہو گئیں تو احتجاجاً فیکٹری ورکرز نے گاڑیاں سڑک میں کھڑی کر کے نیشنل ہائی وے کو بلاک کر دیا۔ نئے بننے والے ٹول پلازہ سے تنگ مقامی لوگوں کی بڑی تعداد بھی احتجاج میں شامل ہو گئی اور مظاہرین نے کولیکشن کیبنز کو آگ لگا دی جسکے بعد فیکٹری ورکرز پر تشدد اور گاڑیوں کے شیشے توڑنے والے ملازمین موقع سے رفو چکر ہو گئے سڑک بند ہونے سے گاڑیوں کی میلوں لمبی قطاریں لگ گئیں سڑک کھلوانے کے لئے آنے والے ایس ایچ او تھانہ صدر پھولنگر طارق محمود کا پتھر لگنے سے سر پھٹ گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ڈی ایس پی پتوکی رانا سجاد اکبر نے موقع پر پہنچ کر مظاہرین سے مذاکرات کر کے روڈ کو ٹریفک کیلئے بحال کروایا دوسری طرف مظاہرین کا کہنا ہے کہ عوامی مطالبے کے باوجود ایک ہی تحصیل میں دو سرے ٹول پلازے کی تعمیر لوگوں کے ساتھ ناانصافی ہے ٹول پلازے پر مریضوں، طلبا اور ڈیوٹی پر جانے والے ملازمین کو تاخیر کی اذیت سہنی پڑتی ہے یہاں سے ٹول پلازہ ختم کیا جائے۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر ڈی پی او قصور عیسیٰ خان سکھیرا نے بھی جائے وقوعہ اور ہسپتال کا دورہ کیا۔

نارنگ کے سرحدی گاؤں کے قریب پاک آرمی نے بھارتی ڈرون مار گرایا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ کے سرحدی گاؤں کے قریب پاک آرمی نے بھارتی ڈرون مار گرایا ڈرون کی باقیات قبضہ میں لے کر فرانزک کے لئے بھیج دیا گیا بتایا گیا ہے کہ نارنگ کے سرحدی گاؤں مقبول پور کے قریب بھارتی ڈرون سرحد پار چکر لگا رہا تھا کہ ڈرون جونہی سرحد پار کر کے پاکستانی حدود میں داخل ہوا تو سرحد پر موجود پاکستانی آرمی نے اسے ہوا میں ہی اڑا دیا جس کے نتیجہ ڈرون کی باقیات کھیتوں میں جا گریں باقیات کو قبضہ میں لے کر فرانزک کے لئے روانہ کر دیا ہے ڈرون گرتے ہوئے دیہاتی لوگوں نے بزدل دشمن بھارت کا ڈرون جب زمین بوس ہوتے دیکھا تو فضا نعرہ تکبیر پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔

مختلف واقعات میں رکشہ اور 4 موٹر سائیکلیں چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں رکشہ اور 4 موٹر سائیکلیں چوری۔ ماڈل ٹاؤن میں فوٹو سٹوڈیو کے باہر سے کاشف علی کا رکشہ چوری محلہ کشمیریاں محمد قاسم کے باہر سے موٹر سائیکل چوری سول ہسپتال کے سامنے سے ارسلان رضا کی موٹر سائیکل چوری شیرے داکوٹ سے افتخار علی کی حویلی کے باہر سے موٹر سائیکل چوری فیصل ٹاؤن سے محمد حنیف کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

دو سال قبل دیے گئے 4 کروڑ کے چیک کا غلط استعمال کرنے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو سال قبل دیے گئے 4 کروڑ کے چیک کا غلط استعمال کرنے پر مقدمہ درج۔ قیصر محمود نے ملزم عبدالرشید کو ایک معاہدہ کے تحت 4 کروڑ روپے کے 8 چیک دیے اور 13 فروری 2023 میں رقم ادا کر کے رجسٹری کروالی لیکن عبدالرشید نے چیک واپس نہ کئے اور ٹال مٹول سے کام لیتا رہا۔

ریسکیو 1122 کی جانب سے فرضی مشقیں کی گئیں

فرضی مشقوں کے دوران ریسکیو 1122 اور محکمہ شہری دفاع کے اہلکاروں نے علامتی طور پر زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کی فراہمی اور محفوظ مقامات پر منتقل کیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر حالیہ ملکی صورتحال کے پیش نظر محکمہ شہری دفاع اور ریسکیو 1122 کی جانب سے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں فرضی مشقیں کی گئی۔ فرضی مشقوں کے دوران ریسکیو 1122 اور محکمہ شہری دفاع کے اہلکاروں نے علامتی طور پر زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کی فراہمی اور محفوظ مقامات پر منتقل کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ حالیہ ملکی صورتحال کے پیش نظر حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کے تمام محکموں سمیت ریسکیو 1122، محکمہ شہری دفاع اور محکمہ صحت کے افسران مکمل طور پر آلرٹ ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات بھی کیے گئے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر محکموں کی کارکردگی کو تیاریوں کے جائزہ کے لیے ریسکیو 1122 اور محکمہ شہری دفاع کی جانب سے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں فرضی مشقیں کی گئیں۔ فرضی مشقوں کے دوران محکمہ شہری دفاع اور ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز، بم ڈسپوزل سکواڈ اور دیگر ایمرجنسی سٹاف نے حصہ لیا۔

انجمن راجپوتاں شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس حاجی عاشق حسین کی زیر صدارت منعقد ہوا

اجلاس میں تنظیمی امور کو فعال بنانے اور جاری فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن راجپوتاں شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس جناح پارک میں واقع مقامی ہوٹل میں سرپرست اعلیٰ حاجی عاشق حسین بچ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ضلعی صدر رانا خالد سین کھرل جنرل سیکرٹری پروفیسر رانا محمد اشفاق رانا محمد اشرف چوہدری شاد احمد چوہدری اسرار احمد خاں رانا افضال رانا محمد اشرف چوہدری ثاقب بچ ایڈووکیٹ رانا وزیر علی ایڈووکیٹ رانا محمد ارکم عبدالحمید بھٹی چوہدری شاد احمد رانا خالد سین رانا احسان الحق چوہدری اسرار احمد خاں رانا ذوالفقار احمد رانا محمد سلیم اختر رانا احسان الحق رانا محمد اشرف کالو کے رانا فاروق احمد چوہدری ثاقب بچ ایڈووکیٹ ماسٹر محمد ارکم رانا عبدالوحید رانا امیر علی ایڈووکیٹ رانا ولید عارف رانا ناظم خاں مفتی رانا شفیق انور رانا عبدالشکور مفتی رانا محمد علیق ابو رانا محمد سلیم اختر رانا محمد اصغر و دیگر نے شرکت کی اس موقع پر ضلعی امور کو فعال بنانے اور جاری فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں رانا محمد اشرف، حاجی نثار احمد، ثاقب بچ ایڈووکیٹ، رانا محمد افضال، رانا اشرف کالو کے، رانا محمد فاروق پر مشتمل اصلاحاتی کمیٹی تشکیل دی گئی جو انتظامی امور میں بہتری کیلئے باہمی مشاورت سے اقدامات اٹھائے گی جس کی رپورٹ آئندہ ماہانہ اجلاس میں پیش کی جائے گی۔

فیصل آباد: ایس آئی احمد رضا کے قاتل ملزمان کے ساتھ پولیس کا مقابلہ، ایک ہلاک، دیگر کی گرفتاری کے لیے ناکہ بندی

فرار ہونے والے ملزمان موٹر سائیکل 607 گ ب کے قریب پھینک کر مکئی کی فصل میں داخل ہو گئے: پولیس

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) تھانہ بابلک کے علاقہ میں دوران ریڈ سب انسپکٹر احمد رضا کو شہید کرنے والے ملزمان کے ساتھ پولیس کا آمنا سامنا ہوا، جس کے دوران شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ایک ملزم مارا گیا جبکہ دیگر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے شہر بھر میں ناکہ بندی کر دی تفصیلات کے مطابق، تھانہ بابلک پولیس کی آج 125/25 بجرم 392 ت پ میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا۔ ریڈ کے دوران ملزم اظہر اور اس کے ساتھیوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں سب انسپکٹر احمد رضا شہید ہو گئے، جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق، فرار ہونے والے ملزمان موٹر سائیکل 607 گ ب کے قریب پھینک کر مکئی کی فصل میں داخل ہو گئے، جس پر پولیس نے فوری طور پر تعاقب شروع کر دیا۔ تھانہ بابلک پولیس نے علاقے کا محاصرہ کر لیا اور ملزمان کا کھیت اتنگ کر دیا۔ اس دوران ملزمان نے پولیس پارٹی پر سیدھی اور جان لیوا فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کی اطلاع ملنے پر ایس پی صدر ڈویژن بھی نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچے۔ پولیس اور ملزمان کے درمیان کراس فائرنگ کا سلسلہ جاری رہا۔ کچھ دیر بعد فائرنگ رکنے پر پولیس نے محتاط انداز میں آگے بڑھ کر علاقے کو چیک کیا، تو معلوم ہوا کہ ایک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہو چکا تھا، جو ہسپتال جاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ ہلاک ملزم کی شناخت اظہر کے نام سے ہوئی، جو متعدد سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اور پولیس کو مطلوب تھا۔ یہی ملزم دوران ریڈ سب انسپکٹر احمد رضا کی شہادت کا ذمہ دار تھا۔

جرم و سزا



تھانہ صدر کے ایس ایچ او اختر خان غازی کی جرائم پیشہ افراد کیخلاف کارروائیاں

عوامی حلقے ان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں حقیقی معنوں میں ایک کرائم فائٹر قرار دیتے ہیں



دیپالپور (زاہد عمران تنجوعہ) کرائم فائٹر ڈینگ پولیس آفیسر تھانہ صدر کے ایس ایچ او اختر خان غازی اپنی بہادری پروفیشنلزم اور جرائم کے خلاف بے لچک کارروائیوں کے باعث علاقے میں ایک دبنگ پولیس آفیسر کے طور پر پہچانے جاتے ہیں چکی پہاڑ چوکی انچارج سب انسپکٹر امتیاز شاہد اور اس کی ٹیم احسن کلیم چنڑ نے اپنے فرائض سنبھالتے ہی جرائم پیشہ عناصر اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث گروہوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کیں جس کے نتیجے میں متعدد ملزمان قانون کی گرفت میں آئیں مقدمہ درج چکی پہاڑ نہراں والا کے معززین میاں مقبول بھنڈارا میاں راؤ طلعت نہراں والا میاں فخر حیات بودلہ میاں لطیف بھٹی میاں وقار ڈھکو اور شہریوں کا کہنا ہے کہ ایس ایچ او تھانہ صدر دیپالپور اختر خان غازی کی قیادت میں چوکی چکی پہاڑ ایک مثالی پولیس اسٹیشن بن چکا ہے جہاں انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے عوامی حلقے ان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں حقیقی معنوں میں ایک کرائم فائٹر قرار دیتے ہیں ایس ایچ او اختر خان غازی چوکی انچارج سب انسپکٹر امتیاز شاہد اور احسن کلیم چنڑ کا زاہد عمران خاں جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا قانون کی بالادستی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ جرائم کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے

پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے بڑی ریلی کا انعقاد

ریلی کا آغاز ضلع کونسل ہال سے ہوا جو ڈی سی چوک پر اختتام پذیر ہوئی جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کی



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم پراے) ضلعی انتظامیہ ساہیوال کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت کے خلاف اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے ایک بڑی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کا آغاز ضلع کونسل ہال سے ہوا جو ڈی سی چوک پر اختتام پذیر ہوئی جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کی۔ ریلی میں ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ہندیم، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر الرحمن، صدر ضلعی امن کمیٹی ضیاء اللہ شاہ بخاری، احسان الحق ادریس، شیخ اعجاز رضا، ابراہام عظیم ڈینیل سمیت میڈیا نمائندگان، تاجر برادری، علماء کرام اور سول سوسائٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے قومی پرچم تھامے اور وطن سے محبت کے نعرے لگائے ہوئے بھارتی جارحیت کی شدید مذمت کی اور پاک فوج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ادارے ہائی الرٹ ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے مکمل تیار ہیں۔ ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم نے کہا کہ بھارت کی جانب سے جنگ مسلط کی گئی تو اسکا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستانی جنگ میں پہل نہیں کرتے لیکن کسی کو دوسرا موقع نہیں دیتے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پوری پاکستانی قوم ایک پیج پر ہیں اور اپنی فوج کے

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) 9 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی صورت میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے پانچھیں کلے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ صفحہ 1

کنٹرول کی وجہ سے دودھ کا استعمال اور اقتصاد ناقابل تصور حد تک بڑھ گیا ہے اور اقتصاد کے رضاکاروں نے خدمت خلق کیلئے جگہ جگہ لنگر خانے جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے رضاکاروں کو ہر روز 5 ہزار لیٹر دودھ کی ضرورت ہوتی ہے جو ہمارے مخیر حضرات کے تعاون کیلئے ہر حرم میں ۔ القدست لاہور کی ایمبولینس سروس بھی کھال 24 گھنٹے اپنی خدمات کیلئے فعال ہے۔ القدست ٹائیٹنس ہاسپٹل اور کسی بھی ناگہانی آفات سے نمٹنے کیلئے تیار ہے۔ فیلپاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے اس موقع پر تاجر رضاکاروں کو خود کو محفوظ بنانے کے سبھی کے حادثات سے نمٹنے کیلئے احتیاطی تدابیر بروئے کار لانے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے رضاکار اپنی اور دیگر افراد کی جان کو خطرے میں ڈال کر ریسکیو کے فرائض سرانجام دیتے ہی

الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کسی بھی کہانی آفات سے نمٹنے کیلئے تیار ہے: ضیاء الدین انصاری

پوری قوم افواج پاکستان کیساتھ بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہے، الخدمت کے رضاکاروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، سربراہ الخدمت فاؤنڈیشن

الخدمت لاہور کی ایمبولینس سروس بھی فعال 24 ادارہ امدادی کاموں کیلئے فعال ہے، سربراہ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کا الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے کنٹرول روم کا دورہ اور رضاکاروں سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سربراہ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے گلبرگ الخدمت لاہور کی ڈسپاسٹر مینجمنٹ ٹیم کے ہمراہ برکفٹ روڈ کا دورہ کیا۔ صدر الخدمت فاؤنڈیشن لاہور شاہد نوید چغتائی ڈسٹرکٹ مینیجر الخدمت لاہور رشید احمد اور ڈپازٹ مینجمنٹ ٹیم کے ذمہ داران نے ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر شاہد نوید چغتائی بھی موجود تھے۔ سربراہ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور نے الخدمت (بقیہ نمبر 1)



سربراہ سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کا گلبرگ میں الخدمت کنٹرول روم کا دورہ کرنے کے بعد انجینئر احمد حماد رشید، مینیجر شاہد نوید چغتائی اور الخدمت کے رضاکاروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

جماعت اسلامی نے (آج) کراچی بھر میں احتجاج کی کال دیدی

پاکستان کی جانب سے واضح پیغام ہے کہ قوم کا ہر فرد اپنی فوج کے ساتھ کھڑا ہے، منعم ظفر خان

کراچی (پی ایم این) جماعت اسلامی نے آج (جمعہ) کراچی بھر میں احتجاج کی کال دے دی ہے۔ ادارہ نور حق کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے واضح پیغام ہے کہ قوم کا ہر فرد اپنی فوج کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم پر فرض ہے کہ ملک کی سلامتی کیلئے متحد ہو جائے۔ بھارتی کی حالیہ جارحیت کے خلاف پورے ملک میں 30 سے زائد پاکستانی شہید ہوئے

ملک بھر کیلئے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں اربوں کا ریلیف متوقع

سینیٹر پاور پرچیز ایجنسی نے بجلی خریداری کی قیمت میں کمی کی درخواست جمع کرادی

اسلام آباد (پی ایم این) سنہ مالی سال کے لیے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر پاور پرچیز ایجنسی نے بجلی خریداری کی قیمت میں کمی کی درخواست جمع کرادی ہے۔ تفصیل

الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کرے گا۔ ادارہ نور حق کے مطابق آئندہ مالی سال بجلی صارفین کیلئے 140 ارب سے 400 ارب روپے تک ریلیف متوقع ہے۔

ہمارے شاہینوں نے بھارتی ائیر فورس کو منہ توڑ جواب دیا، ہندوستان ہمیشہ یاد رکھے گا، جاوید قصوری

راحیل کا غرور مٹی میں مل گیا، شواہد عالمی میڈیا فورسز کے سامنے آچکے ہیں، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (پی ایم این) امیر جماعت اسلامی پنجاب جاوید قصوری نے کہا ہے کہ آپریشن سندور مودی کے لئے ایک ڈراؤنا خواب بن گیا ہے جو ہمارے فوجیوں کے ہاتھوں ذلیل و رسوا ہوا۔ راحیل کا غرور مٹی میں مل گیا، شواہد عالمی میڈیا فورسز کے سامنے آچکے ہیں، مودی حکومت اور انڈین میڈیا اپنے لوگوں کے ساتھ جھوٹ بول رہا ہے، پوری پاکستانی قوم یک زبان اور متحد ہو چکی ہے، اینٹ کا جواب پتھر سے دیں



بھارت مغربی سرحد پر دہشتگردوں کو اسلحہ اور معاونت فراہم کر رہا ہے، ترجمان پختونخوا حکومت

بھارت کا کروہ چہرہ پوری دنیا کے سامنے بے نقاب ہو گیا، حالیہ کارروائیوں کا مؤثر جواب دینا گزیر ہو چکا ہے، پیر سیف

نوح اور گوھاں سرحدوں پر بھارتی جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں، بھارت کا کروہ چہرہ پوری دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے

پشاور (پی ایم این) ترجمان خیبر پختونخوا حکومت پیر سیف سہیل نے کہا ہے کہ بھارت مغربی سرحد پر دہشتگردوں کو اسلحہ اور معاونت فراہم کر رہا ہے۔ جاری بیان میں پیر سیف نے کہا کہ بھارت پاکستان کی مشرقی اور مغربی دونوں سرحدوں پر جارحانہ کارروائیوں کر رہا ہے، بھارت کی جانب سے مغربی سرحد پر دہشت گردوں کو اسلحہ اور مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔ بھارت کی جانب سے بے نقاب ہونے والے دہشتگردوں کا تعلق افغانستان سے ہے، بھارت کی جانب سے مغربی سرحد پر دہشت گردوں کو اسلحہ اور مالی معاونت فراہم کرنا پاکستان کیخلاف کھلی جارحیت